Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **A-101**
موضوع: **تمام طلبا کے لیے داخلے، دوبارہ داخلے، تبادلے اور فہرست کے ذریعے تقرری کی اطلاعات**
زمرہ: **طلبا**
جاری کردہ: **جمعرات، 17 فروری، 2022**

## تبدیلیوں کا خلاصہ

- ان بچوں کے لیے واپس آنے کے حق میں ترمیم کرتا ہے جو نیویارک شہر اسکول ضلع میں واپس آرہے ہیں اور وہ بچے جو ایک عدالت کے حکم کی ترتیب، تحویلی ادارے، اور علاج کے پروگرام سے واپس آرہے ہیں (§§ III, III.A.1-3, III.C.1-2, III.D.1, VII.E.3)

NYC Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

## نمبر: A-101

موضوع: **تمام طلبا کے لیے داخلے، دوبارہ داخلے، تبادلے اور فہرست کے ذریعے تقرری کی اطلاعات**

زمرہ: **طلبا**

جاری کردہ: **جمعرات، 17 فروری، 2022**

**تبدیلیوں کا خلاصہ** ........ **1**

**خلاصہ** ........ **3**

**I. تعارف** ........ **3**

**II. داخلوں اور اندراج کی پالیسیاں** ........ **9**

**III. دوبارہ داخلہ** ........ **18**

**IV. تبادلہ** ........ **18**

**V. معذوری کے حامل طلبا کے لیے داخلہ اور اندراج کی پالیسیاں** ........ **24**

**VI. جائے رہائش کا تعین اور تصدیق** ........ **25**

**VII. خاص حالات** ........ **29**

**VIII. فہرست کے ذریعے تقرری** ........ **34**

**IX. استثناء** ........ **35**

**X. استفسارات** ........ **35**

Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

**نمبر: A-101**

موضوع: **تمام طلبا کے لیے داخلے، دوبارہ داخلے، تبادلے اور فہرست کے ذریعے تقرری کی اطلاعات**

زمرہ: **طلبا**

جاری کردہ: **جمعرات، 17 فروری، 2022**

## خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-101، مورخہ 31 مارچ، 2020 کی جگہ لے رہا ہے۔ یہ انتظامی اضلاع 1-32 اور ضلع 75 متخصص اسکولوں اور پروگراموں دونوں کے لیے نیویارک شہر اسکولی ضلع کے طلبا کے داخلے، برخاستگی اور تبادلے کے متعلق پالیسیوں کو قائم کرتا ہے، ماسوائے بصورتِ دیگر بیان کیا گیا ہو۔

## I. تعارف

A. دفتر برائے طالبانہ اندراج نیو یارک شہر کے اسکولی ضلع میں ضلع 1-32 سے انتظامی طور پر تعلق رکھنے والے تمام اسکولوں کی داخلہ اور اندراج کی پالیسی اور منصوبہ بندی کا اختیار اور ذمہ داری رکھتا ہے۔ ضلع 75 اور ضلع 79 کے مہتمم اپنے متعلقہ اضلاع سے تعلق رکھنے والے تمام اسکولوں کی داخلہ اور اندراج کی پالیسی اور منصوبہ بندی کا اختیار اور ذمہ داری رکھتے ہیں۔

B. توضیحات:

اس ضابطے کے مقاصد کے لئے:

1. **داخلوں** سے مراد درخواست کا طریق کار ہے جس کے ذریعے اہلِ خانہ اس اسکول یا پروگرام سے ایک پیشکش موصول کرنے کے لیے اپنی اسکول یا پروگرام ترجیحات جمع کرواتے ہیں جس میں وہ آنے والے تعلیمی سال میں اندراج کروانا چاہتے ہیں۔
2. **محکمئہ تعلیم** سے مراد نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم ہے۔
3. **محکمئہ تعلیم اسکول** سے مراد نیو یارک شہر ضلع میں ایک اسکول ہے بشمول ضلع 1-32 کے اسکول اور ضلع 75 اسکول اور پروگرامز۔
4. **اندراج** اس بچے کے حوالے سے ہے جو ایک تقررکردہ اسکول کے لیے اندراج (رجسٹریشن) کو مکمل کرتا ہے اور اسکول نے اس بچے کو نظام کے رجسٹر میں داخل کر دیا ہے، اور حقیقت میں اس اسکول میں شرکت کرے۔
5. **والدین** سے مراد طالب علم کے والدین یا سرپرست، یا طالب علم کے ساتھ والدینی یا سرپرستی کے رشتے والا کوئی بھی شخص ہے۔ اس میں شامل ہیں: پیدائشی والدین یا گود لینے والے والدین، سوتیلے والدین،

قانونی طور پر تقرر کردہ سرپرست، عارضی نگہداشت کرنے والے والدین، اور اسکول میں شرکت کرنے والے ایک بچے کے ساتھ "والدینی رشتے میں ایک فرد"۔ **"والدینی رشتہ رکھنے والا فرد"** سے مراد بچے کی نگہداشت کی ذمہ داری لینے والا فرد ہے کیونکہ بچے کے والدین یا سرپرست دستیاب نہیں ہیں، دیگر وجوہات کے علاوہ، چاہے موت واقع ہونے، جیل میں قید ہونے، دماغی مرض، ریاست سے باہر رہنے یا بچے کو اکیلا چھوڑ دینے کی وجہ سے۔

6. **عارضی رجسٹریشن** سے مراد اسکول کے عمل کے ذریعے ایک بچے کو اس وقت نظام میں رجسٹر کرنا ہے جب تمام دستاویز فراہم نہ کیے گئے ہوں یا دستاویز کا مستند ہونا اور بچے کی اسکول میں شرکت کرنے کی اہلیت کی صورتِ حال مشتبہ ہو۔

7. **رجسٹریشن** سے مراد والدین کی مطلوبہ دستاویز کی فراہمی کی بنیاد پر ایک بچے کی اسکول میں شرکت کرنے کی اہلیت کی تصدیق کرنے کا عمل ہے، بشمول عمر کا ثبوت اور پتے کا ثبوت، ماسوائے جیسا کہ حصہ VII میں بیان کیا گیا ہے، اور اسکول کے ذریعے بچے کو نظام میں رجسٹر میں داخل کرنے کے۔

8. **منتقلی** سے مراد حصہ IV میں خاکہ کش زمروں میں سے کسی ایک کی بنیاد پر ایک بچے کا محکمئہ تعلیم کے موجودہ اسکول سے خارج ہونا اور ایک محکمئہ تعلیم کے ایک مختلف اسکول میں داخل ہو نا ہے۔ جن بچوں کو منتقل کیا جاتا ہے ان کو نیو یارک شہر اسکول ضلع سے برخاست نہیں کیا جاتا ہے۔

9. **زون اسکول** سے مراد ایک ایسا اسکول ہے جو "زون" کہلائے جانے والے ایک مخصوص جغرافیائی علاقے میں رہنے والے بچوں کو پہلی ترجیح دیتا ہے۔ ایک زون اسکول زون کے علاقے سے باہر رہنے والے کسی بھی بچوں کو خدمات فراہم کرنے سے قبل اسکول کے زون میں رہنے والے بچوں کو خدمات فراہم کرتا ہے، ماسوائے پری کنڈر گارٹن میں داخلے کے، جن میں زون کے دیگر درخواست دہندگان سے پہلے ان درخواست دہندگان کو پہلی ترجیح دی جاتی ہے جو فی الوقت اسکول کے K-3 پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں۔ نئے زون شدہ بچے اپنے زون شدہ اسکول میں رجسٹر اور اندراج کروانے کے مستحق ہیں، اس کا انحصار نشستوں کی دستیابی پر ہے۔

C. اسکول میں داخلہ

1. بچوں کو نسل، رنگ، مسلک، قومی نژاد، جنس، جنسی شناخت، زچگی، نقل وطنی / شہریت کی صورتِ حال، معذوری، جنسیت (صنعفِ جنس)، مذہب، وزن یا قومیت کی بنا پر محکمئہ تعلیم اسکول میں داخلے یا اندراج سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

2. جن بچوں کی تیسری (3rd) سالگرہ داخلے کے کیلنڈری سال میں آتی ہے یہ بچے K-3 پروگراموں داخلے کے لیے اہل ہیں، ( یہ داخلے کی ترجیحات (حصہ II.B دیکھیں) اور دستیاب نشستوں پر موقوف ہے)۔

3. وہ بچے جن کی چوتھی (4th) سالگرہ داخلے کے کیلنڈری سال میں آتی ہے انکو پری کنڈر گارٹن ("پری کے") میں داخل کیا جانا چاہیئے (اس کا انحصار داخلہ ترجیحات (سیکشن II.C ملاحظہ کریں) اور نشستوں کی دستیابی پر ہے)۔

4. وہ بچے جن کی پانچویں (5th) سالگرہ داخلے کے تقویمی سال میں آتی ہے ان سے کنڈر گارٹن میں شرکت کرنا مطلوب ہے اور ان کو کنڈر گارٹن میں داخل کیا جانا لازمی ہے، چاہے یہ بچے پہلی مرتبہ اسکول میں داخل ہو رہے ہوں یا کسی اور اسکول سے تبادلہ کروا کے آ رہے ہوں، ماسوائے کہ ایسے بچوں سے کنڈر گارٹن میں شرکت مطلوب نہیں ہے اگر:

a. ان کے والدین ان کو آنے والے تعلیمی سال میں 1 گریڈ میں بطور ایک 6 سالہ داخل کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، یا

b. یا یہ ایک غیر پبلک اسکول میں مندرج ہیں یا ان کے والدین نے ان کو محکمئہ تعلیم دفتر برائے گھر پر تعلیم کے ساتھ رجسٹر کروایا ہو۔

وہ بچے جن کی چھٹی ($6^{th}$) سالگرہ داخلے کے تقویمی سال کے دوران آتی ہے، اور جو فی الوقت محکمئہ تعلیم کے اسکول میں مندرج نہیں ہیں اور محکمئہ تعلیم دفتر برائے گھر پر تعلیم کے ساتھ رجسٹر نہیں ہیں ان کو پہلے گریڈ میں داخل کرنا لازمی ہے۔

5. مذکورہ بالا 3a یا 3b پیرا گراف میں قائم کردہ ضوابط کے علاوہ، بچوں سے 5 سال کی عمر سے اسکول میں شرکت کرنا مطلوب ہے۔ بچوں سے اس تعلیمی سال کے اختتام تک حاضری مطلوب ہے جس میں ان کی عمر 17 سال کی ہو جائے اور اگر ایک ہائی اسکول ڈپلومہ عطا نہیں کیا جاتا ہے تو یہ اس اسکولی سال کے اختتام تک اسکول میں رہ سکتے ہیں جس میں ان کی عمر 21 سال کی ہو جائے، چاہے انہوں نے کمسمینٹ کریڈینشنلز حاصل کر لیے ہیں۔

D. گریڈ میں تقرری کی پالیسیاں

1. کنڈرگارٹن نیویارک شہر اسکولی ضلع میں داخلے کا ابتدائی گریڈ ہے۔ صرف ان بچوں کو کنڈر گارٹن میں داخل کیا جائے گا جن کی عمر تقویمی سال میں 5 سال ہو جائے گی۔ ان بچوں کو 1 گریڈ میں داخل کیا جائے گا جن کی عمر تقویمی سال میں 6 سال ہو جائے گی۔

2. ایسی صورتوں میں جب ایک بچے کی پہلے گریڈ میں شرکت کے تقاضے کا انحصار اس کی عمر کی بنیاد پر ہو لیکن پرنسپل یہ سمجھے کہ ایک اور گریڈ میں تقرری تعلیمی طور پر مزید مناسب رہے گی تو، پرنسپل گریڈ میں تقرری کے متعلق مہتمم کے ساتھ مشورہ کرے گا اور طبی اور دیگر تشخیصی دستاویزات فراہم کرے گا جو کہ والدین یا سرپرست کی جانب سے جمع کروائے جا چکے ہوں جو ایک مختلف گریڈ میں تقرری کو جائز قرار دیں۔ بچے کے لیے مناسب گریڈ کی سطح کے متعلق حتمی فیصلہ مہتمم کرے گا۔

3. نیو یارک شہر اسکولی ضلع میں آنے والے نئے بچوں کو رجسٹریشن کے وقت پیش کیے جانے والے بچے کے آخری اسکول سے دستیاب تعلیمی ریکارڈ کی بنیاد پر گریڈز 12-2 میں داخل کیا جائے گا۔

4. جو بچے نیو یارک شہر اسکول ضلع میں نئے ہیں اور جن کے پاس تعلیمی ریکارڈ نہیں ہیں یا جن کے تعلیمی ریکارڈ دو سال سے زیادہ پرانے ہیں، ان کی گریڈ تقرری ذیل کے مطابق کی جائے گی۔

a. بچوں کو عمر کی بنیاد پر عارضی طور پر رجسٹر کیا جائے گا؛ ہائی اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے، اگر تعلیمی سال کے اختتام (30 جون تک یا قبل) بچے کی عمر 15 سال ہو جاتی ہے تو بچے کو 9 گریڈ میں رجسٹر کیا جائے گا۔

b. پرنسپل اس بات کی تشخیص کریں گے آیا ایک دیگر گریڈ میں تقرری تعلیمی طور پر مناسب رہے گی۔ پرنسپل مہتمم کے ساتھ مشاورت کریں گے اور تجویز کا جواز پیش کرنے کے لیے ثبوت فراہم کریں گے۔ بچے کے لیے مناسب گریڈ کی سطح کے متعلق حتمی فیصلہ مہتمم کرے گا۔

c. اگر پرنسپل اضافی یا نئے تعلیمی ریکارڈ موصول کرتے ہیں تو یہ گریڈ کی تقرری میں حسبِ ضرورت تبدیلی کریں گے۔

5. جن بچوں کو نیو یارک شہر اسکول ضلع سے برخاست کر دیا گیا تھا اور یہ نیو یارک شہر اسکول ضلع میں واپس آرہے ہیں انکے تعلیمی ریکارڈ کی بنیاد پر ایک گریڈ میں انکی تقرری کی جائے گی۔ اگر بچہ اسی تعلیمی سال کے دوران واپس اتا ہے جس میں اس کو برخاست کی گیا تھا اور ان کا تعلیمی ریکارڈ کسی اور جگہ پر گریڈ کی تکمیل ظاہر کرتا ہے تو بچے کو آنے والے تعلیمی سال کے لیے اگلے گریڈ میں رجسٹر کیا جائے گا۔

E. رہائش کے مطلوبات

1. حصہ VIII.B اور حصہ VII.C کے بیان کے ماسوا، ایک بچے کو محکمئہ تعلیم کے اسکول میں شرکت کرنے کے اہل ہونے کے لیے نیو یارک شہر کا مکین ہونا لازمی ہے۔ کوئی بھی ایسا بچہ جس کی بنیادی رہائش گاہ نیو یارک شہر سے باہر ہے ان کے لیے چانسلر کے ضابطے A-125 کے مطابق محکمئہ تعلیم اسکول میں داخلہ کروانے کے لیے زیرِ غور لائے جانے کے لیے دفتر برائے طالبانہ اندراج میں ایک درخواست جمع کروانا لازمی ہے۔

2. تمام والدین کے لیے اپنے اسکول میں اندراج کرواتے وقت اپنے بچے کے لیے رہائش گاہ کا ایک سوالنامہ مکمل کرنا لازمی ہے۔ کوئی بھی ایسا بچہ جس کی نشان دہی عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طور پر کی جاتی ہے تو ان کو عارضی رہائش گاہ میں طلبا پروگرام کا حوالہ دیا جانا چاہیئے۔ رہائش گاہ کا سوالنامہ ملاحظہ کریں اس کے ساتھ ذیل بھی ہے والدین اور نوجوانوں کے لیے مککنی وینٹو قانون رہنمائی

3. کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 12 کے وہ بچے جو نیویارک شہر کے اندر اپنی رہائش تبدیل کرتے ہیں وہ اپنے موجودہ اسکول کے حتمی گریڈ کی تکمیل کرنے تک درج رہنے کے مستحق ہیں۔ بچوں کو نظم وضبط یا تعلیمی مسئلہ کی بنیاد پر انکے زون شدہ اسکول یا رہائشی ضلع میں منتقل نہیں کیا جاسکتا ماسوائے چانسلر کے ضابطے A-450 میں قائم کردہ طریقِ کار کی پابندی کرتے ہوئے۔

4. ان بچوں کے والدین جو اندراج کے دوران اپنی رہائش تبدیل کرتے ہیں، اور جن کا نیا پتہ ان کے اسکول کے رہائشی زون یا ضلع کے باہر ہے تو یہ حاضری اور پابندی وقت کے ذمہ دار ہیں۔ یہ بچے چانسلر کے ضابطے A-801 کی دفعات اور انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے بیان کے استحقاق کے علاوہ پیلی بس کی نقل و حمل کے اہل نہیں ہوں گے۔ اگر حاضری یا پابندیء وقت مزید بگڑ جاتی ہے تو اسکول کو باقاعدہ حاضری اور پابندیء وقت کو سہل بنانے اور اعانت کرنے کے لیے اہلِ خانہ کے ساتھ ملکر کام کرنا لازمی ہے۔

   a. تاہم اگر بہت زیادہ بار غیرحاضریوں اور / یا تاخیر سے آمد کا سلسلہ جاری رہے، اور یہ بچے کے بہترین مفاد میں ہو، تو پرنسپل ایک ایسے اسکول میں منتقلی کے عمل کو شروع کر سکتا ہے جو بچے کے نئے زون یا نئی رہائش کے قریب کوئی دیگر اسکول ہو۔ پرنسپل کے لیے بچے کی بے انتہا غیر حاضری اور / یا تاخیر سے آمد کے متعلق دستاویزات اور اس کے ساتھ ہی طالب علم کی باقاعدہ حاضری میں مدد کے لیے اسکے اور اہلِ خانہ کے ساتھ کی گئی کوششوں کے دستاویزات کو برو دفتر رابطہ فرد یا ضلع 75 اسکول کی صورت میں ضلع 75 کے دفتر کے پاس جمع کروانا لازمی ہے۔ برو دفتر کا رابطہ فرد یا ضلع 75 دفتر کا رابطہ فرد طالب علم کے رہائش تبدیل کرنے سے قبل اور بعد کے حاضری اور تاخیر سے آمد کے ریکارڈ سے اور ساتھ ہی طالب علم کی حاضری کی اعانت میں کی گئی اسکول کی سعی کے کاغذات کا موازنہ کرکے جمع کرائے گئے دستاویزات کا جائزہ لے گا۔

   b. ضلع 32-1 اسکولوں کے لیے: اگر برو دفتر کا رابطہ فرد تصدیق کرتا ہے کہ حاضری اور پابندی وقت خراب تر ہو چکی ہے، یہ خاندانی استقبالیہ مرکز کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر سے

ایک نئی تقرری کی درخواست کریں گے۔ ضلع 75 پروگراموں کے لیے: ضلع 75 تقرری دفتر تصدیق کرے گا کہ حاضری اور پابندی وقت خراب تر ہو چکی ہے اور یہ ایک نیا ضلع 75 پروگرام تفویض کریں گے۔

c. پرنسپل کے ذریعے والدین کواس بات کا تحریری طور پر اطلاع نامہ فراہم کرنا لازمی ہے کہ طالب علم کو منتقل کیا جارہا ہے۔ ضلع 32-1 اسکولوں کے لیے: برو دفتر کے رابطہ فرد کی جانب سے تصدیق موصول کرنے کے بعد دفتر برائے طالبانہ اندراج بچے کی منتقلی پر عمل درآمد کرے گا اور بچے کو زون شدہ اسکول یا تقرر کردہ اسکول یا ایسے دیگر موزوں اسکول کے رجسٹر میں داخل کرے گا جس میں شرکت کرنے کے لیے بچہ اہلیت رکھتا ہے۔ ضلع 75 پروگراموں کے لیے: ضلع 75 دفتر والدین کو نئی تقرری کا اطلاع نامہ بھیجے گا اور والدین کو رجسٹر کروانے کا مشورہ دے گا۔

d. عارضی رہائش گاہوں اور عارضی والدین کی زیر نگہداشت رہنے والے بچوں کو منتقل نہیں کیا جا سکتا ہے ماسوائے یہ تعین کیا جاتا ہے کہ اسکول تبدیل کرنا طالب علم کے بہترین مفاد میں ہے جیسا کہ حصہ VIII.B (عارضی رہائش گاہوں میں طلبا) اور حصہ VII.C (عارضی والدین کی زیر نگرانی طلبا) میں بیان کیا گیا ہے

F. رجسٹریشن پالیسیاں

1. ایک بچے کو محکمئہ تعلیم کے اسکول کے رجسٹر میں داخل یا مندرج کرنے کے لیے، والدین کا تشریف لانا لازمی ہے ماسوائے بچہ ایک خودمختار نوبالغ ہے یا ایک تنہا نوجوان ہے (حصہ VII.A ملاحظہ کریں)۔

a. اگر رجسٹر کروانے والا شخص پیدائشی والدین، یا گود لینے والے، یا اسکا قانونی سرپرست نہیں ہے، تو اس شخص کے لیے غیر والدین نگراں حلف نامہ مکمل کرنااور اسےاسکول یا خاندانی استقبالیہ مرکز یا ضلع 75 پروگرام کو فراہم کرنا لازمی ہے؛ اگر دستیاب ہے، والدین کا حلف نامہ فراہم کرنا لازمی ہے۔ خود مختار نوبالغان، 18 سال یا بڑی عمر کے بچے، اور تن تنہا نوجوان سے غیر والدین کاایک حلف نامہ یا والدین کا حلف نامہ جمع کروانا مطلوب نہیں ہے (حصہ VII.A دیکھیں)۔

b. اگر بچے کو رجسٹر کروانے والے فرد کی حثیت کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو طالب علم کو رجسٹر کرنا، درِ اثنا اسکول کے ذریعے اس فرد کے بارے میں مزید تفتیش کرنا لازمی ہے کہ اس فرد کا طالب علم سے کیا رشتہ ہے۔

2. حاضر ہونے والے فرد کے لیے ذیل فراہم کرنا لازمی ہے:

a. رہائش کا قابلِ تصدیق ثبوت ( حصہ VI ملاحظہ کریں)؛

b. عمر کا ثبوت، جیسے کہ بچے کا پیدائش کا سرٹیفکٹ، پاسپورٹ، (بشمول غیر ملکی پاسپورٹ)، یا بپتسمہ کا ریکارڈ (جس میں تاریخ پیدائش شامل ہو)۔ اگر یہ دستاویز دستیاب نہیں ہیں تو، بچے کی عمر کا تعین کرنے کے لیے دیگر دستاویز یا قلم بند کردہ ثبوت کو استعمال کیا جا سکتا ہے جیسے کہ:

i. مستند ڈرائیورز لائسنس؛

ii. ریاستی یا دیگر حکومت کے جاری کردہ شناختی کارڈ (بشمول آئی ڈی این وائی سی کارڈ )؛

iii. تاریخ پیدائش کے ساتھ اسکول کا تصویری شناختی کارڈ؛

iv. سفارت خانے کا شناختی کارڈ؛

v. ہسپتال یا طبی ریکارڈ؛

vi. مسلح افواج پر منحصر شناختی کارڈ

vii. وفاقی، ریاستی، یا مقامی ایجنسیوں کی جانب سے پچھلے 60 دنوں کے اندر جاری کیے گئے دستاویزات (مثلاً، مقامی سماجی خدمت ادارہ، وفاقی دفتر برائے پناہ گزین تصفیہ) جس پر نام اور رہائش گاہ کا پتہ درج ہو۔

viii. عدالت کا حکم یا عدالت کے جاری کردہ دیگر دستاویزات؛

ix. آبائی امریکی قبائلی دستاویزات؛ یا

x. بین الاقوامی غیر نفعی امدادی ایجنسیوں یا رضاکارانہ ایجنسیوں کی جانب سے ریکارڈ

c. بچے کا مدافعتی ٹیکوں کا ریکارڈ (اگر دستیاب ہو)؛

d. بچے کا تعلیمی ریکارڈ جیسے کہ جدید ترین رپورٹ کارڈ / ٹرانسکرپٹ (اگر دستیاب ہو)؛

3. اگر والدین ذیل کے لیے تسلی بخش ثبوت فراہم کرنے کے قابل نہیں ہیں، تو بچے کو عارضی طور پر رجسٹر کرنا اور اسکول کی جانب سے مناسب اقدامات کرنا لازمی ہے۔

a. پتہ؛

b. عمر؛

c. مدافعتی ٹیکوں کا ریکارڈ؛

d. تعلیمی ریکارڈز۔

4. کسی بھی ایسے بچے کو جس کو اسکول کے ذریعے مناسب طور پر رجسٹر کیا جا چکا ہے یا دفتر برائے طالبانہ اندراج، ضلع تقرری دفتر یا ضلع 75 پروگرام یا کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم کے ذریعے رجسٹر یا تقرر کیا جا چکا ہو جہاں بھی قابلِ اطلاق ہو، اس اسکول یا پروگرام میں داخلے سے انکار نہیں کیا جاسکتا جس میں طالب علم کو تقرر / رجسٹر کیا جا چکا ہے۔

5. اگر ایک بچے کو اس کی اہلیت کی بنیاد پر اسکول میں رجسٹر کیا جاتا ہے ( مثلاً گھر کے پتے، بھائی بہن کی ترجیح، خاص تعلیم پروگرام تجویز کی بنیاد پر) تو طالبِ علم کو شرکت کرنے کے لیے داخلے کے وقت اسکااہل ہونا لازمی ہے۔ اگر بچے کی اہلیت کی صورتِ حال تبدیل ہو جاتی ہے تو دفتر برائے طالبانہ اندراج یا ضلع 75 تقرری دفتر بچے کو کسی ایسے مناسب اسکول میں منتقل اور رجسٹر کرنے کا اہتمام کرے گا جس میں بچہ شرکت کرنے کی اہلیت رکھتا ہو۔

G. عام پالیسیاں اور طریقہ کار

1. اسکول، پروگرام یا خاندانی استقبالیہ مرکز میں آنے والے گریڈز K-12 میں کسی اہل بچے کی اسکول میں تقرری اور رجسٹریشن کروانے والوں کے لیے لازمی ہے کہ تقرری کا انتظام اگلے اسکولی دن تک کیا جائے، اگر ممکن ہو، لیکن 5 اسکولی دن سے زیادہ نہیں۔

2. ضلع 32-1 کے ایک ہائی اسکول میں داخلے کے خواہاں بچے، جنھوں نے ہائی اسکول داخلہ کاروائی میں شرکت نہیں کی تھی، ان کو اسکول میں ایک تقرری اور رجسٹر کرنے کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز میں پیش ہونا لازمی ہے۔ کوئی بھی ہائی اسکول (ماسوائے ضلع 75 کے پروگرام، ضلع 79 کے پروگرام اور منتقلی اسکولوں کے) بچوں کو رجسٹر نہیں کر سکتا۔

3. قانون کے مطابق، بچوں سے نقل وطنی (امیگریشن) کی صورتِ حال کے دستاویز پیش کرنے کی درخواست یا مطالبہ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی ان کو نقل وطنی کی صورتِ حال یا نقل وطنی کے متعلق دستاویزات پیش کرنے میں ناکامی کی بنیاد پر داخلے، رجسٹریشن اور اندراج سے انکار کیا سکتا ہے۔ ایک بچے یا والدین کی نقل وطنی کی صورتِ حال کے حوالے کو اسکول کے کسی بھی فارم اور / یا ریکارڈ پر ظاہر نہیں ہونا چاہیئے۔

4. ایسے بچے جو سماجی فلاح و بہبود ایجنسی، نوعمر انصاف ایجنسی یا اصلاحی ایجنسیوں کی زیرِ نگرانی ہیں ان کو اسکول میں داخلہ حصہ III.D VII.C, VII.E اور VIII.F کے مطابق ملنا چاہیے۔

## II. داخلوں اور اندراج کی پالیسیاں

داخلوں اور اندراج کی تمام پالیسیوں کے لیے حصہ VII.D اور VII.C ملاحظہ کریں، جو عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے اور عارضی نگہداشت میں رہنے والے ایسے طلبا کو ان کی عارضی رہائش گاہ یا عارضی نگہداشت کی صورتِ حال میں تبدیلی کی وجہ سے نیو یارک شہر سے باہر منتقل ہونے کی وجہ سے اضافی تحفظات فراہم کرتے ہیں۔

**A.** بہن / بھائی کی ترجیحات

1. اسکول میں تقرری اور داخلے کی ترجیح کے مقصد کے لیے، ایک اسکول میں داخلہ یا اندراج کے خواہاں بچے کا تصدیق شدہ بہن بھائی، بشمول سوتیلے بھائی بہن، رضائی بھائی بہن، اور / یا عارضی بھائی بہن جو اس کے ساتھ ایک ہی گھر میں رہتے ہیں اور جو

   a. درخواست جمع کروانے کے وقت اس اسکول میں رجسٹر یا مندرج ہیں اور اگلے تعلیمی سال کے لیے اسی اسکول میں مندرج رہنا جاری رکھے گا؛ یا

   b. یہ ضلع 75 کے ایسے پروگرام میں مندرج ہے جو ایک ہی عمارت میں مشترکہ طور پر اس اسکول کے ساتھ واقع ہے۔

2. K-3، پری کنڈر گارٹن اور الیمنٹری اسکول پروگراموں میں داخلے کے طریق کار کے لیے، تصدیق شدہ بہن / بھائی والے بچوں کو اس اسکول یا پروگرام میں ترجیح دی جا ئے گا جن کی اہلیت کے مطلوبات کی یہ تکمیل کرتے ہیں، اس کا انحصار نشستوں کی دستیابی پر ہے۔

3. K-3 داخلے کی ترجیحات کے مقصد کے لیے، ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی میں پری کنڈر گارٹن پروگرام یا پری کنڈر گارٹن مرکز میں مندرج بہن / بھائی شامل ہیں۔ پری کنڈر گارٹن مراکز ضلع کے ذریعے چلائے جا نے والے پروگرام ہیں جن کی نگرانی محکمئہ تعلیم کرتا ہے اور ان کو چلاتا ہے جو پری کنڈر گارٹن اور کچھ صورتوں میں K-3 فراہم کرتے ہیں۔

4. اسکول اور پروگرام، داخلے کی پیشکش کرنے سے قبل بہن / بھائی کی صورتِ حال کی تصدیق کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں۔

**B.** ضلع 32-1 کے K-3 پروگراموں میں داخلے کی ترجیحات

1. طلبا کے لیے اس تعلیمی سال میں K-3 پروگرام میں شرکت کرنے کی اہلیت رکھنے کے لیے لازمی ہے کہ اس تعلیمی سال کے 31 دسمبر تک ان کی عمر 3 سال ہو۔
2. درخواست دہندگان کو زون شدہ اسکولوں کے K-3 پروگراموں میں داخلے مندرجہ ذیل داخلے کی ترجیحات کی ترتیب میں دیئے جاتے ہیں، اس کا انحصار دستیاب نشستوں پر ہے:
   a. تصدیق شدہ بہن / بھائی والے زون شدہ درخواست دہندگان؛
   b. بغیر تصدیق شدہ بہن / بھائی والے زون شدہ درخواست دہندگان؛
   c. ضلع میں تصدیق شدہ بہن / بھائی والے درخواست دہندگان؛
   d. تصدیق شدہ بہن / بھائی والے ضلع کے باہر کے درخواست دہندگان؛
   e. ضلع میں رہنے والے درخواست دہندگان؛
   f. ضلع سے باہر کے درخواست دہندگان۔
3. K-3 پروگراموں کے غیر زون شدہ اسکولوں میں داخلے مندرجہ ذیل ترجیحات کی ترتیب میں دیئے جائیں گے، یہ نشستوں کی دستیابی پر منحصر ہے:
   a. ضلع میں تصدیق شدہ بہن / بھائی والے درخواست دہندگان؛
   b. ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے ضلع کے باہر کے درخواست دہندگان؛
   c. ضلع میں رہنے والے درخواست دہندگان؛
   d. ضلع سے باہر کے درخواست دہندگان۔
4. درخواست دہندگان کو پری کنڈر گارٹن مرکز میں K-3 پروگراموں میں داخلے مندرجہ ذیل داخلے کی ترجیحات کی ترتیب میں دیئے جاتے ہیں، اس کا انحصار دستیاب نشستوں پر ہے:
   a. ضلع میں ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے درخواست دہندگان؛
   b. ضلع کے باہر تصدیق شدہ بہن / بھائی والے درخواست دہندگان؛
   c. ضلع میں رہنے والے درخواست دہندگان؛
   d. ضلع سے باہر کے درخواست دہندگان۔
5. انفرادی K-3 پروگراموں کے لیے، طلبا کی مزید متنوع آبادی کی حصولیابی کے لیے داخلے کی ترجیحات کی ساخت میں اضافی ترجیحات شامل کی جاسکتی ہیں۔ ان ترجیحات کی قبل از وقت منظوری ڈویژن برائے ابتدائی طفلی تعلیم، دفتر برائے طالبانہ اندراج، اور دفتر برائے عام کونسل سے لینا لازمی ہے۔ اہل خانہ اضافی ترجیحات کی اطلاع داخلے کی کاروائی سے قبل موصول کریں گے۔

**C.** ضلع 32-1 پری کنڈر گارٹن پروگراموں میں داخلہ ترجیحات

1. پری کنڈرگارٹن پروگراموں میں شرکت کرنے کا اہل ہونے کے لیے یہ لازمی ہے کہ اس تعلیمی سال میں 31 دسمبر تک طالب علم کی عمر 4 چار سال ہو جس تعلیمی سال میں یہ شرکت کریں گے۔
2. درخواست دہندگان کو زون شدہ اسکولوں کے پری کنڈرگارٹن پروگراموں میں داخلے مندرجہ ذیل داخلے کی ترجیحات کی ترتیب میں دیئے جاتے ہیں، اس کا انحصار دستیاب نشستوں پر ہے:
   a. اس اسکول کے K-3 پروگرام میں فی الوقت شرکت کرنے والے درخواست دہندگان؛

b. تصدیق شدہ بہن / بھائی والے زون شدہ درخواست دہندگان؛

c. بغیر تصدیق شدہ بہن / بھائی والے زون شدہ درخواست دہندگان؛

d. ضلع میں ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے درخواست دہندگان؛

e. ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے ضلع کے باہر کے درخواست دہندگان؛

f. ضلع میں رہنے والے درخواست دہندگان؛

g. ضلع سے باہر کے درخواست دہندگان۔

3. پری کنڈر گارٹن پروگراموں کے غیر زون شدہ اسکولوں کے درخواست دہندگان کو داخلے مندرجہ ذیل ترجیحات کی ترتیب میں دیئے جائیں گے، یہ نشستوں کی دستیابی پر موقوف ہے۔

a. اس اسکول کے K-3 پروگرام میں فی الوقت شرکت کرنے والے درخواست دہندگان؛

b. ضلع میں ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے درخواست دہندگان؛

c. ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے ضلع کے باہر کے درخواست دہندگان؛

d. ضلع میں رہنے والے درخواست دہندگان؛

e. ضلع سے باہر کے درخواست دہندگان۔

4. درخواست دہندگان کو پری کنڈر گارٹن مرکز میں K-3 پروگراموں میں داخلے مندرجہ ذیل داخلے کی ترجیحات کی ترتیب میں دیئے جاتے ہیں، اس کا انحصار دستیاب نشستوں پر ہے:

a. اس اسکول کے K-3 پروگرام میں فی الوقت شرکت کرنے والے درخواست دہندگان؛

b. ضلع میں رہنے والے درخواست دہندگان؛

c. ضلع سے باہر کے درخواست دہندگان۔

5. اگر ایک اسکول کے K-3 پروگرام میں شرکت کرنے والے درخواست دہندگان کے مقابلے میں اسکول کے پری کنڈر گارٹن پروگرام میں دستیاب نشستوں کی تعداد کم ہے تو اس اسکول کے K-3 میں فی الوقت مندرج درخواست دہندگان مذکورہ بالا میں خاکہ کش کردہ داخلے کی ترجیحات کی بنیاد پر پری کنڈر گارٹن پروگرام کی پیشکشیں موصول کریں گے (حصہ (II.C.2-4-

6. انفرادی پری کنڈر گارٹن پروگراموں کے لیے، طلبا کی متنوع آبادی کی حصولیابی کے لیے داخلے کی ترجیحات کی ساخت میں اضافی ترجیحات شامل کی جاسکتی ہیں۔ ان ترجیحات کی قبل از وقت منظوری ڈویژن برائے ابتدائی طفلی تعلیم، دفتر برائے طالبانہ اندراج، اور دفتر برائے عام کونسل سے لینا لازمی ہے۔ اہل خانہ اضافی ترجیحات کی اطلاع داخلے کی کاروائی سے قبل موصول کریں گے۔

**D.** ضلع 32-1 اسکولوں کے کنڈر گارٹن میں داخلے کی ترجیحات

1. اس بات سے قطع نظر کہ اہلِ خانہ کس وقت رجسٹر کروانے کے لیے آئیں، زون کے اسکول کا فرض ہے کہ اگر جگہ دستیاب ہو تو یہ اپنے زون میں رہنے والے تمام بچوں کو خدمت فراہم کریں۔ درخواست دہندگان کو زون شدہ اسکولوں میں مندرجہ ذیل ترجیح کی ترتیب میں داخلہ دینا لازمی ہے:

a. تصدیق شدہ بہن / بھائی والے زون شدہ طلبا؛

b. بغیر تصدیق شدہ بہن / بھائی والے زون شدہ درخواست دہندگان؛

اگر دفتر برائے طالبانہ اندراج جگہ، تاریخی رجحانات اور ضلع کی ضروریات کی بنیاد پر اس کو مناسب سمجھتا ہے تو ذیلی ترتیب کے مطابق مندرجہ ذیل ترجیح گروہوں کو پیشکش کی جاسکتی ہے۔ صرف دفتر برائے طالبانہ اندراج کو ترجیح کی اس ترتیب کے علاوہ غیر زون شدہ طلبا کی تقرری کرنے کا اختیار ہوگا، مثال کے طور پر ایسے درخواست دہندگان جن کو ان کے زون شدہ اسکول یا متخصص پروگراموں کے لیے جیسے کہ دوہری زبان پروگرام میں سہولت فراہم نہیں کی جاسکتی ہے۔

c. ضلع میں ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے درخواست دہندگان؛

d. ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے ضلع کے باہر کے درخواست دہندگان؛

e. ضلع میں رہنے والے وہ درخواست دہندگان جو فی الوقت اس اسکول کے پری کنڈر گارٹن پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں؛

f. ضلع میں نہ رہنے والے وہ درخواست دہندگان جو فی الوقت اس اسکول کے پری کنڈر گارٹن پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں؛

g. ضلع میں رہنے والے درخواست دہندگان؛

h. ضلع سے باہر کے درخواست دہندگان۔

2. غیر زون شدہ اسکولوں میں درخواست دہندگان کو مندرجہ ذیل ترجیح کی ترتیب میں داخلہ ملنا چاہیئے:

a. ضلع میں ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے درخواست دہندگان؛

b. ایک تصدیق شدہ بہن / بھائی والے ضلع کے باہر کے درخواست دہندگان؛

c. ضلع میں رہنے والے وہ درخواست دہندگان جو فی الوقت اس اسکول کے پری کنڈر گارٹن پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں؛

d. ضلع سے باہر کے وہ درخواست دہندگان جو فی الوقت اس اسکول کے پری کنڈر گارٹن پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں؛

e. ضلع میں رہنے والے درخواست دہندگان؛

f. ضلع سے باہر کے درخواست دہندگان۔

3. کچھ اسکولوں کے لیے، طلبا کی متنوع آبادی کی حصولیابی کے لیے داخلے کی ترجیحات کی ساخت میں اضافی ترجیحات شامل کی جاسکتی ہیں۔ ان ترجیحات کی قبل از وقت منظوری دفتر برائے طالبانہ اندراج، اور دفتر برائے عام کونسل سے لینا لازمی ہے۔ اہل خانہ اضافی ترجیحات کی اطلاع داخلے کی کاروائی سے قبل موصول کریں گے۔

**E.** ضلع 32-1 کے الیمنٹری اسکولوں (ماسوائے K-3اور پری کنڈر گارٹن کے) میں رجسٹریشن اور اندراج

1. بچے اپنے زون شدہ اسکول میں شرکت کرنے کے مستحق ہیں اس کا انحصار نشستوں کی دستیابی پر ہے۔
2. زون شدہ اسکول کے بغیر الیمنٹری اسکول کے گریڈز والے بچے ضلع میں واقع ایک ایسے اسکول میں نشست کے مستحق ہیں جسکو ان کے پتے کے لیے الیمنٹری اسکول تقرر کیا گیا ہے۔
3. اگر الیمنٹری اسکول کی عمر کے بچے کنڈر گارٹن داخلہ کاروائی کے اختتام کے بعد آتے ہیں:

a. زون شدہ اسکول رکھنے والے بچے اپنے زون شدہ الیمنٹری اسکول میں براہ راست رجسٹر کر سکتے ہیں یا دیگر دستیاب اسکولوں کے انتخابات کا تعین کرنے کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جا سکتے ہیں۔ اگر بچے کے زون شدہ اسکول میں متعلقہ گریڈ کے لیے اندراج پُر ہو چکا ہے تو بچہ حصہ II.J کے مطابق ایک متبادل اسکول کی تقرری موصول کرے گا۔

b. ایک زون شدہ اسکول نہ رکھنے والے بچوں کو اسکول کی ایک تقرری موصول کرنے کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جانا چاہیئے۔

4. ایک غیر زون شدہ اسکول یا ان کے لیے زون نہ کیے گئے اسکول میں تقرری کے خواہاں بچے اس اسکول میں تقرری اور رجسٹر اس ضابطے میں، بشمول ذیل کے جز II.H، میں قائم کی گئی پالیسیوں یا بصورتِ دیگر دفتر برائے طالبانہ اندراج کے ذریعے تعین کردہ کے مطابق کر سکیں گے۔

**F.** ضلع 32-1 مڈل اسکولوں میں داخلہ، رجسٹریشن، اور اندراج

1. مڈل اسکول کے لیے داخلہ ترجیحات

a. 5 گریڈ کے بچے اس ضلع کے مڈل اسکولوں کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں جن کے مڈل اسکول کے لیے یہ زون شدہ ہیں اور اس ضلع کے جس میں انہوں نے الیمنٹری اسکول میں شرکت ("شرکت کردہ ضلع") کی تھی، اگر یہ مختلف ہے۔ جو بچے اپنے شرکت کردہ ضلع کے اندر درخواست دیتے ہیں ان کو ان درخواست دہندگان کی طرح داخلہ ترجیح حاصل ہے جن کے گھر کے پتے اس ضلع کے لیے زون شدہ ہیں۔

b. زون شدہ مڈل اسکول کے بچوں کو اس اسکول میں داخلے کی ترجیح ہے اگر انہوں نے اپنی مڈل اسکول درخواست کے انتخابات پر اس اسکول کی درجہ بندی کی ہو۔

c. ایک K-8 یا K-12 اسکول میں جانے والے پانچویں گریڈ کے بچے اس اسکول کے لیے مڈل اسکول داخلہ کارروائی میں ایک داخلہ ترجیح برقرار رکھتے ہیں اگر انہوں نے اپنی مڈل اسکول درخواست پر اس K-8 یا K-12 اسکول کی درجہ بندی کی ہو۔

d. مڈل اسکول داخلہ کارروائی کے دوران (دفتر برائے طالبانہ اندراج کے ذریعے متعین کردہ) دستیاب نشسیں ذیل کے مطابق دستیاب ہوں گی:

i. زون شدہ اسکولوں میں: تمام زون شدہ طلبا کے لیے تمام دستیاب نشستوں کی پیشکشیں کر دینے کے بعد ہی غیر زون شدہ بچے داخلہ طریق کار کے ذریعے پیشکشیں موصول کریں گے۔ جگہ دستیاب ہونے پر، درخواست دینے والے زون شدہ بچوں کو اپیل کرنے والے غیر زون شدہ بچوں سے پہلے تقرری دی جائے گی۔

ii. K-8 یا K-12 اسکولوں میں: تعلیم جاری رکھنے والے تمام بچوں کو داخلہ طریق کار کے ذریعے ایک پیشکش موصول ہو جانے کے بعد تعلیم جاری نہ رکھنے والے بچوں کو دستیاب نشستوں کی پیشکش کی جائے گی۔ جب جگہ دستیاب ہو گی، درخواست دینے والے تعلیم جاری رکھنے والے طلبا کو اپیل کرنے والے تعلیم جاری نہ رکھنے والے طلبا سے پہلے جگہ دی جائے گی۔

e. اگر محکمئہ تعلیم اسکول میں فی الوقت مندرج گریڈ 5 کے بچے کو ان کی درخواست میں درجہ بند کسی اسکول سے میچ نہیں کیا جاتا ہے تو ان کو ایسے اسکول میں تقرر کیا جائے جس کے مڈل اسکول کے لیے یہ زون شدہ ہے۔

f. جو طلبا مڈل اسکول داخلہ کاروائی (بشمول اپیلوں کے) میں اپنے زون شدہ، یا اپنے تعلیم جاری رکھنے والے K-8 یا K-12 اسکول کے لیے درخواست نہیں دیتے ہیں ان کو مڈل اسکول کے لیے اس اسکول میں اندراج کی ضمانت کا حق نہیں دیا جاتا ہے۔ البتہ، دفتر برائے طالبانہ اندراج اس اسکول کو مستقبل میں ایک مختلف اسکول میں تبادلہ کروانے کی درخواست کے لیے زیر غور لائے گا۔ ایک مختلف مڈل اسکول میں تبادلہ کی درخواست کرنے والے تمام بچوں کو تقرری حاصل کرنے کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز میں جانا لازمی ہے۔

2. وہ بچے جنہوں نے مڈل اسکول داخلہ کارروائی میں شرکت نہیں کی تھی وہ ذیل کے مطابق رجسٹر کروا سکتے ہیں:

a. داخلہ کی کارروائی کے وقت محکمئہ تعلیم اسکول میں 5 گریڈ میں مندرج بچوں کو ایک مڈل اسکول تقرر کیا جائے گا۔

b. زون شدہ اسکول رکھنے والے بچے اپنے زون شدہ الیمنٹری اسکول میں براہ راست رجسٹر کر سکتے ہیں یا دیگر دستیاب اسکولوں کے انتخابات کا تعین کرنے کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جا سکتے ہیں۔ اگر بچے کے زون اسکول کے متعلقہ گریڈ میں اس گریڈ میں اندراج کی گنجائش پُر ہو چکی ہے، تو بچہ جز II.J کے مطابق ایک متبادل اسکول کی تقرری موصول کرے گا۔

c. ایک زون شدہ اسکول نہ رکھنے والے بچوں کو اسکول میں ایک تقرری موصول کرنے کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جانا چاہیئے۔

d. وہ بچے جو ایک غیر زون اسکول میں یا ایک ایسے اسکول میں رجسٹر کروانے کے خواہاں ہیں جس کے لیے یہ زون شدہ نہیں ہیں ان کو اس ضابطے میں قائم کردہ، بشمول ذیل کے جز II. H کی پالیسیوں کے مطابق تقرری موصول کرنی چاہیئے اور رجسٹر کروانا چاہیئے یا بصورتِ دیگر دفتر برائے طالبانہ اندراج کی تعیناتی کے مطابق۔

**G.** زون شدہ اسکولوں کے لیے پالیسی

1. اس ضابطے میں خاکہ کش پالیسیوں کے مطابق ایک اسکول کے لیے زون شدہ بچوں کو اس اسکول کے زون شدہ پروگراموں میں داخلے کے لیے ترجیح حاصل ہے اور یہ لازمی ہے کہ غیر زون شدہ طلبا کی تقرری سے قبل ان کو داخلہ دیا جائے۔

2. غیر زون شدہ بچے ایک زون شدہ اسکول میں صرف اس ضابطے میں قائم کی گئی پالیسیوں کے مطابق اور بصورتِ دیگر دفتر برائے طالبانہ اندراج کے ذریعے تعیناتی کے مطابق اسکول میں تقرری موصول کر سکتے ہیں۔

3. زون شدہ پروگراموں کے لیے زون شدہ بچوں کو رجسٹر کرنا مطلوب ہے اور ان کے لیے اس ضابطے میں قائم کی گئی پالیسیوں کے مطابق اور نشستوں کی دستیابی کی بنیاد پر ان بچوں کو قبول کرنا لازمی ہے۔ اس بات کا تعین کہ آیا اسکول میں نشستیں دستیاب ہیں، دفتر برائے طالبانہ اندراج، دفتر برائے جگہ کی منصوبہ بندی، دفتر برائے ضلع منصوبہ بندی اور مہتمم کی مشاورت کے ساتھ برو دفتر کرتا ہے (جز II.J ملاحظہ کریں)۔

4. نشست کی دستیابی اور اہلیت کے معیار کی بنیاد پر اگر بچے کے لیے دیگر اسکول انتخابات دستیاب ہیں تو ایک بچے سے اپنے زون شدہ اسکول میں شرکت کرنا مطلوب نہیں ہے۔

**H.** پالیسی برائے غیر زون ضلع 32-1 الیمنٹری اسکولز، مڈل اسکولز، اور K-8 اسکولز۔

1. وہ بچے جو ایک غیر زون اسکول میں گریڈز 1st- 5th یا 7th-8th میں رجسٹر کروانا چاہتے ہیں انہیں ایک تقرری کی درخواست کے لیے سال کے دوران کسی بھی وقت ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جانا چاہیئے۔

2. وہ بچے جو کنڈرگارٹن یا گریڈ 6 میں ایک غیر زون شدہ اسکول میں رجسٹر کروانا چاہتے ہیں، انہیں داخلے کا طریق کار ختم ہونے کے بعد ایک تقرری کی درخواست کرنے کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جانا چاہیے۔

3. غیر زون شدہ اسکولوں کو نشستوں کی دستیابی کی بنیاد پر تمام سال طلبا کو داخلہ دینا لازمی ہے، بشمول پہلے آؤ پہلے پاؤ کی بنیاد پر داخلوں کا طریق کار کے ختم ہونے کے بعد۔

**I.** دوبارہ زون کرنے کی پالیسیاں

1. ایک دوبارہ زون کے منصوبے کی منظوری کے وقت پر منحصر، ایک بچے کا زون اسکول درخواست دہی کی کارروائی کے دوران ایک داخلہ طریق کار کے لیے تبدیل ہوسکتا ہے۔ ایسی صورتوں میں، بچے کی زون اہلیت، اندراج کے وقت مؤثر زون شدہ اسکول کے لیے ہوگی۔
2. وہ بچے جن کے تصدیق شدہ بہن / بھائی ایک زون شدہ اسکول میں مندرج ہے جو کہ اجتمائی تعلیمی کونسل CEC کے ذریعے اپنا ئے گئے دوبارہ زون کے منصوبے سے متاثر ہوا ہے تو یہ متاثرہ اسکول کے لیے زون شدہ بہن / بھائی کی ترجیح کو برقرار رکھے گا اگر CEC کے ذریعے منظور شدہ دوبارہ زون کرنے کے منصوبے میں ایسی ترجیح فراہم کی گئی ہو۔

**J.** گنجائش کی پالیسی (گریڈز K-8)

1. اس ضابطے میں خاکہ کش کی گئی پالیسیوں کے تحت، ایک زون شدہ اسکول، جگہ کی دستیابی کے مطابق، ان تمام بچوں کو خدمات فراہم کرنے کا ذمہ دار ہے جو اس کے زون کی حدود میں رہتے ہیں۔
2. ایک زون شدہ اسکول کسی بھی گریڈ میں چھوٹے سائز کی کلاسوں کے حصول یا اس کو برقرار رکھنے کے لیے ایک گریڈ کی "گنجائش" مقرر یا اندراج بند نہیں کر سکتا ہے۔
3. اسکول کے ایک واحد گریڈ کی "گنجائش پُر" ہو جا ئے گی جب یہ اسکول ایک درخواست جمع کروائے گا اور دفتر برائے ضلع منصوبہ بندی، دفتر برائے طالبانہ اندراج، اور مہتمم کی مشاورت کے ساتھ برو دفتر، تفتیش کر ے گا اور یہ تعین کرے گا اس گریڈ کی گنجائش پُر ہو گئی ہے تاکہ مزید اندراج نہ کیا جا ئے۔ اگر برو دفتر یہ تعین کرتا ہے ایک گریڈ کی گنجائش پُر قرار دینا ضروری ہے تو یہ گنجائش پُر ہونے کی درخواست کو منظور کریں گے اور ایک اسکول کی نشان دہی کریں گے جس کو زون کے اضافی طلبا کے لیے تقرر کیا جا ئے گا ("اضافی آبادی کے لیے اسکول")
4. ایسی صورتوں میں جب برو دفتر کے ذریعے گنجائش پُر قرار دی جاتی ہے جیسا کہ حصہ II.J.3 میں بیان کیا گیا ہے تو وہ زون شدہ طلبا رہائشی ضلع میں ایک متبادل اسکول کی تقرری کے مستحق ہیں۔
   a. ایسے بچوں کو اضافی آبادی کے لیے اسکول کے لیے غیر زون شدہ طلبا سے پہلے داخلے اور اندراج کے لیے ترجیح موصول کریں گے۔

   b. اگر برو دفتر کے بچے کے زون کے اسکول میں بچے کے گریڈ کی گنجائش پُر ہوجا نے کی درخواست کی منظوری دینے کی وجہ سے کسی بچے کو ضمنی اسکول میں تقرر کیا جاتا ہے تو ان کے لیے لازمی

ہے کہ یہ ضمنی اسکول کی تقرری کو قبول کریں یا تقرر کردہ اسکول کی جگہ ایک دیگر متبادل تلاش کریں۔

5. جن بچوں کے زون اسکول کے ایک گریڈ کی گنجائش پُر ہوجانے کی درخواست کی منظوری برو دفتر کے ذریعے دی گئی ہے، اور اس وجہ سے انہوں نے ایک ضمنی اسکول کی تقرری موصول کی ہے تو یہ دفتر برائے طالبانہ اندراج کی جانب تعین کردہ آخری تاریخ تک اپنے زون اسکول کی منتظرین کی فہرست میں رہ سکتے ہیں۔ مندرجہ ذیل طریق کار کا اطلاق ذیل بچوں پر ہو گا:

a. ایسے بچوں کو اگلے تعلیمی سال کے لیے اپنے زون اسکول کی دستیاب نشستوں کے لیے ترجیح حاصل ہو گی، اور ان بچوں کو پیشکشیں منتظرین کی فہرست کی ترتیب میں کی جائے گی۔

b. یہ بچے اپنے زون شدہ اسکول میں واپسی کو مسترد کر سکتے ہیں اور یہ ضمنی اسکول میں رہ سکتے ہیں۔ اگر یہ مسترد کرتے ہیں تو یہ اپنے زون اسکول کی منتظرین کی فہرست میں اپنی جگہ کو کھو دیں گے۔ اگر بچہ بعد میں زون اسکول میں منتقلی کی درخواست کرتا ہے تو منتظرین کی فہرست کے دوبارہ تقررکردہ تمام زون شدہ بچوں کی رجسٹر کرنے کے لیے دعوت دینے کے بعد اور نشستوں کے مسلسل دستیاب ہونے پر منتقلی کی اجازت دی جائے گی۔ اگر ایک بچہ اپنے زون اسکول میں واپسی کی پیشکش کو مسترد کر دیتا ہے اور گنجائش کے پُر ہونے کے منصوبے کی وجہ سے ضمنی اسکول میں نقل و حمل کے لیے اہلیت رکھتا تھا، ایسا بچہ نقل و حمل کے لیے مستحق نہیں رہے گا ماسوائے بصورتِ دیگر مطلوب ہو یا یہ دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کے رہنمائی خطوط کی بنیاد پر اہلیت رکھتا ہو۔

c. 5 گریڈ کے طلبا کو 5 گریڈ کے سال کے دورانیے میں واپسی کا حق حاصل ہے، اگر نشستیں دستیاب ہو جاتی ہیں، لیکن ان کے لیے اسکول میں 6 گریڈ کی ایک نشست کے لیے زیرِ غور لائے جانے کے لیے مڈل اسکول داخلہ کارروائی میں شرکت کرنا لازمی ہے۔

d. حصہ II.F.1 .a سے ہم آہنگ، بچے اپنے شرکت کرنے والے ضلع کے اسکولوں میں مڈل اسکول داخلہ طریق کار کے ذریعے درخواست دینے کے اہل ہیں اس کے ساتھ اس ضلع میں مڈل اسکول کے لیے جن کے لیے ان کا پتہ زون شدہ ہے۔

6. ایک زون شدہ اسکول کا بنیادی فرض ہے کہ زون شدہ بچوں کو خدمات فراہم کرے۔ اگر ایک زون شدہ اسکول اپنے زون میں رہنے والے تمام بچوں کو داخلہ دینے کے قابل نہیں ہے اور اس کو گنجائش پُر ہو جانے کے لیے منظور کر لیا جاتا ہے تو اس اسکول میں غیر لازمی پروگراموں میں کمی کی جا سکتی ہے یا ان کو ختم کیا جا سکتا ہے۔

**K.** ترقی پانے کی پالیسیاں

1. اس حصے میں خاکہ کش کردہ پالیسیوں کا اطلاق تمام اسکولوں پر ہوتا ہے ان میں شامل ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں ہیں، قابل اور ہنرمند پروگرام، متخصص ہائی اسکول، منتقلی اسکول، اور نوواردین، انگریزی زبان کے متعلمین، اور کثیر لسانی متعلمین کے لیے اسکول۔

2. حصہ VII.B اور VII.C کے مطابق، عارضی رہائش گاہ اور عارضی نگہداشت میں رہنے والے وہ طلبا جو عارضی رہائش گاہ یا عارضی نگہداشت کی وجہ سے نیو یارک شہر سے باہر رہ رہے ہیں ان کو علاقائی اسکول میں رہنے اور زون شدہ اسکول میں منتقل ہونے کا حق ہے، اگر کسی زون اسکول کا وجود نہیں ہے، تو ان ایک مناسب اسکول منتقل ہونے کا حق ہے، بشرطیکہ یہ بچے کے بہترین مفاد میں ہو۔

3. محکمئہ تعلیم پبلک اسکولوں میں داخل ہونے کے مختلف مواقع ہیں جن کی سہولت ضلع 32-1 اور ضلع 75 دونوں میں، الیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکول داخلہ طریق کاروں کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ ہر ایک گریڈ کی سطح کے لیے داخلے کا موقع ہے۔ مثال کے طور پر، کنڈر گارٹن تا گریڈ 5 کو خدمات فراہم کرنے والے اسکول میں، کنڈر گارٹن میں داخل ہونے کا موقع ہو گا۔ جب ایک بچہ ایک مختلف گریڈ کی سطح میں جاتا ہے تو اس کا حوالہ بطور "ترقی" کے دیا جاتا ہے۔

4. ضلع 32-1 کنڈر گارٹن تا 8 اور 12-6 اسکولوں میں ترقی

ایک K-8 یا ایک 12-6 اسکول کی ساخت رکھنے والے اسکول کے لیے لازمی ہے کہ ان کے پاس داخلے کے متعدد مواقع ہوں۔ اس لیے، جب ایک بچے کو ایک ایسے اسکول میں داخل کیا جاتا ہے جس کی ساخت ایک K-8 یا ایک 12-6 اسکول کی ہے تو بچہ اس اسکول کے اگلے گریڈ کی سطح میں داخلے کے لیے مستحق ہو جاتا ہے اور اس کو ان کے لیے ترجیح حاصل ہو جاتی ہے۔ ایسے بچے، ایک ہی وقت میں کسی ایسے دیگر اسکول یا پروگرام میں درخواست دے سکتے ہیں جس کے لیے یہ اہلیت رکھتے ہیں۔ جو بچے گریڈ 6 کے لیے اپنے K-8 زون اسکول میں جانے کی ترجیح رکھتے ہیں اگر وہ پہلے ہی سے اس اسکول میں نہیں ہیں۔

5. ضلع 32-1 مڈل اسکولوں میں ترقی

جن بچوں کو مڈل اسکول داخلہ طریق کار کے نتیجے میں اسکول سے میچ کیا جاتا ہے اور یہ بالآخر نیو یارک شہر اسکول ضلع سے برخاست کر دیئے جاتے ہیں تو ان کو تعلیمی سال کے دوران کسی بھی وقت ان کو ان کے میچ کیے گئے اسکول میں واپس آنے کا حق ہے، بشرطیکہ جب یہ رجسٹر کروانے کے لیے واپس آئیں تو یہ نیو یارک شہر میں رہائش پذیر ہوں اور انہوں نے تعلیمی سال ایک دیگر اسکول میں مکمل نہ کیا ہو۔

6. ضلع 32-1 ہائی اسکولوں میں ترقی

a. 8 گریڈ سے ترقی پانے والے بچوں کو اپنے زون شدہ ہائی اسکول میں داخلے کے لیے ترجیح دی جاتی ہے یا داخلے کی ضمانت دی جاتی ہے اگر یہ ہائی اسکول داخلہ جاتی طریقِ کار کے ذریعے اسکول کے لیے درخواست دیتے ہیں، جیسے کہ ہائی اسکول ڈائریکٹری میں داخلے کے اس مرحلے کے لیے بیان کیا گیا ہو۔

b. جن بچوں کو ہائی اسکول داخلہ طریق کار کے نتیجے میں اسکول سے میچ کیا جاتا ہے اور یہ بالآخر نیو یارک شہر اسکول ضلع سے برخاست کر دیئے جاتے ہیں تو ان کو تعلیمی سال کے دوران کسی بھی وقت ان کے میچ کیے گئے اسکول میں واپس آنے کا حق ہے، بشرطیکہ جب یہ رجسٹر کروانے کے لیے واپس آئیں تو یہ نیو یارک شہر میں رہائش پذیر ہوں اور انہوں نے تعلیمی سال ایک دیگر اسکول میں مکمل نہ کیا ہو۔ ان میں جیل سے واپس آنے والے بچے شامل ہیں۔

7. نیو یارک شہر اسکول ضلع کے علاوہ کسی اور اسکول میں تعلیمی سال کو مکمل کر کے نیو یارک شہر اسکول ضلع میں واپس آنے والے بچوں کو ایک تقرری موصول کرنے کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز میں یا جن بچوں کے لیے ضلع 75 پروگرام کی تجویز کی گئی ان کو ضلع 75 تقرری دفتر میں بھیجا جائے گا۔ ایسے بچوں کو ان اسکولوں میں واپس جانے کی ضمانت نہیں دی جاتی ہے جس نیویارک شہر کے اسکولی ضلع سے ان کو برخاستگی سے قبل میچ کیا گیا تھا، البتہ طالب علم کو جس اسکول سے میچ کیا گیا تھا اس کو زیر غور لایا جائے گا۔ ان صورتوں میں ضلع 32-1 اسکولوں میں درج طلبا کے لیے دفتر برائے طالبانہ اندراج تقرری کے بارے میں حتمی فیصلہ کرے گا اور ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے لیے تقرری کا حتمی فیصلہ ضلع 75 تقرری دفتر کرے گا۔

## III. دوبارہ داخلہ

نیو یارک شہر اسکول ضلع میں واپسی پر ایک بچہ اسکول کے دستیاب انتخابات پر بات چیت کرنے کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز میں جا سکتا ہے یا ضلع 75 پروگراموں کے لیے، ضلع 75 تقرری کے دفتر سے رابطہ کر سکتا ہے۔

نیویارک شہر اسکول ضلع میں واپس آنے والے ایک بچے کو حق حاصل ہے، لیکن فرض نہیں ہے، اخراج کے وقت اپنے گریڈ بینڈ کے اختتامی گریڈ کے ذریعے محکمئہ تعلیم کے اس اسکول میں واپس آنے کا جس میں وہ خارج ہونے سے پہلے گئے تھے۔ ایسی تمام تقرریوں کا انحصار محکمئہ تعلیم کے اسکول میں دستیاب نشستوں پر ہے۔

دفتر برائے طالبانہ اندراج، طالب علم اور والدین اور برو دفتر کے رابطہ فرد کی مشارت کے ساتھ اس بات کا تعین کر سکتا ہے کہ سابقہ اسکول موزوں نہیں ہے اور اسی لیے یہ ایک مختلف تقرری کی نشان دہی کر سکتا ہے؛ اسی طرح ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے لیے، ضلع 75 تقرری کا دفتر یہ تعین کرنے کے لیے کہ سابقہ اسکول موزوں نہیں ہے اور ایک مختلف تقرری کی نشان دہی کرنے کے لیے بچے اور والدین کے ساتھ مشاورت کر سکتا ہے۔

ایک بچے کی واپسی کے حق کے متعلق کسی بھی سوالات کے لیے، دفتر برائے طالبانہ اندراج یا ضلع 75 پروگرام تجویز کردہ بچے کے لیے ضلع 75 تقرری کا دفتر حتمی فیصلہ کریں گے۔

A. الیمنٹری اور / یا مڈل اسکول کے بچے

1. ایک بچے کو اپنے سابقہ اسکول میں واپس آنے کا حق حاصل ہے، چاہے اسکول اسکے لیے زون ہے یا نہیں، اگر نشستیں دستیاب ہوں۔
2. اگر ایک بچہ اپنے زون اسکول میں واپس آرہا ہے اور اسکول میں اس وقت بچے کے گریڈ میں گنجائش نہ ہو تو بچے کو حصہ II.J. کے مطابق نامزد کردہ ضمنی (Overflow) اسکول میں تقرر کیا جائے گا۔
3. نیو یارک شہر اسکول ضلع میں واپس آنے والے بچے براہ راست اپنے زون شدہ اسکول میں اندراج کر واسکتے ہیں، اگر نشستیں دستیاب ہیں یا یہ تقرری کے دیگر انتخابات کے لیے ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں جا سکتے ہیں، بشمول غیر زون اسکولوں میں اندراج کے۔

B. جو طلبا سابقہ طور پر ہنر مند اور قابل پروگراموں میں مندرج تھے

1. ضلعی پروگرامز
   a. اپنے اسی رہائشی ضلع میں واپس آنے والے طلبا، اسہی قابل اور ہنر مند پروگرام میں واپس آ سکتے ہیں، بشرطیکہ ایک نشست دستیاب ہو۔
   b. بچے رہائشی ضلع کے ایک مختلف قابل اور ہنر مند پروگرام میں تقرری کی درخواست کر سکتے ہیں اگر بچے کا سابقہ قابل اور ہنر مند پروگرام دستیاب نہیں ہے یا اس میں ایک نشست دستیاب نہیں ہے۔
   c. رہائشی ضلع سے باہر پروگراموں میں واپس آنے والے طلبا کو نئی رہائش کے ضلع کے ہنر مند اور قابل پروگراموں میں تقرری کے لیے زیر غور لایا جائے گا، اگر ایک نشست دستیاب ہو۔
2. شہر پیما پروگرامز
   a. نیو یارک شہر اسکول ضلع میں واپس آنے والے بچے، اسہی شہر پیما قابل اور ہنرمند پروگرام میں واپس آ سکتے ہیں، بشرطیکہ ایک نشست دستیاب ہو۔
   b. اگر بچے کے سابقہ قابل اور ہنرمند پروگرام میں ایک نشست دستیاب نہیں ہے تو بچہ ایک دیگر قابل اور ہنرمند پروگرام میں تقرری کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

C. ہائی اسکول کے بچے

1. ایک بچہ جس کو نیویارک شہر اسکول ضلع سے برخاست کردیا گیا ہے اسے اپنے سابقہ ہائی اسکول میں جانے کا حق حاصل ہے (بشمول لیکن انہی تک محدود نہیں ہے متخصص ہائی اسکولوں، تبادلہ اسکولوں اور نوواردین اور انگریزی زبان کے متعلمین اور کثیر لسانی متعلمین کے لیے اسکولوں کے)۔ ایک ڈپلومہ کے بغیر برخاست کیے گئے بچے کو یہ حق حاصل ہے کہ یہ اس اسکولی سال تک اسکول واپس آسکتا ہے جس میں وہ 21 سال کا ہوجائے۔

2. نیو یارک شہر اسکول ضلع میں واپس آنے والے بچوں کو داخلے کے لیے ایک اسکول تفویض موصول کرنے کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز میں یا جن بچوں کے لیے ضلع 75 پروگرام کی تجویز کی گئی ان کو ضلع 75 تقرری دفتر میں بھیجا جائے گا۔

D. ایک عدالتی حکم کی صورت میں، نگراں کار سہولت یا علاج کروانے کے پروگرام سے واپس انے والے بچے:

1. محکمئہ تعلیم اسکول میں مندرج وہ بچے جن کو عدالتی حکم کی صورت میں، نگراں کار سہولت یا علاج کروانے کے پروگرام سے برخاست کیا جاتا ہے ان کو اسی اسکول میں واپس آنے کا حق ہے جس میں یہ مندرج تھے۔

2. ان میں سے کچھ بچے نیو یارک شہر پبلک اسکول ضلع میں واپسی پر ایک مختلف اسکول میں تقرری سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ دفتر برائے طالبانہ اندراج، یا ضلع 75 کے پروگرام کے لیے تجویز کردہ بچوں کے لیے، ضلع 75 تقرری کا دفتر یہ تعین کرنے کے لیے کہ بچے کو رجسٹر کیا جائے یا بچے کو ایک مختلف اسکول کا حوالہ دیا جائے جہاں نشستیں دستیاب ہیں، برو دفتر کے رابطہ فرد یا ضلع 79 سے مشاورت کر سکتے ہیں، جو بھی مناسب ہو۔

## IV. تبادلہ

اسکولوں سے تبادلے کی درخواستوں پر نظرثانی کرنے کے لیے خاندانوں سے ملاقات کرنے اور تبادلہ منظور ہونے کے بعد تمام معاونتی دستاویزات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

A. منتقلی کی تمام درخواستوں کو دفتر برائے طالبانہ اندراج کے ذریعے منظور کیا جانا چاہیئے ماسوائے ذیل کے:

1. مہتمم کے ذریعے معطلی کے بعد غیر رضاکارانہ منتقلیاں اور رضاکارانہ منتقلیاں، جو معطلی کے برو ڈائریکٹر کے ذریعے چانسلر کے ضابطے A-450 اور A-443، بلترتیب کے تحت منظم کی جاتی ہیں؛ یہ نوٹ کریں کہ چانسلر کے ضابطے A-450 کے تحت IEP کے حامل بچوں کا غیر رضاکارانہ تبادلہ نہیں کیا جاسکتا۔

2. اپنے زون شدہ اسکولوں (جب نشستیں دستیاب ہوں) میں شرکت کرنے کے خواہاں بچے کے تبادلے کی صورت میں، موصول کرنے والے پرنسپل کے لیے بچے کو داخل کرنا لازمی ہے؛

3. ڈویژن برائے کثیر لسانی متعلمین (DML)، برو دفتر کثیر لسانی متعلمین کے ڈائریکٹر اور مہتمم کے ایسے اسکولوں میں انگریزی زبان کے متعلمین کے منظور کردہ تبادلے جن میں ایک دوہری زبان یا عبوری دولسانی تعلیم پروگرام ہیں، جن کا آغاز خاندان اپنے موجودہ اسکول یا خاندانی استقبالیہ مرکز میں کر سکتے ہیں (ان کے لیے DML، برو دفتر، اور مہتمم کے ذریعے منظور کرنا لازمی ہے اس بات کے قطع نظر کہ اس کو کس طرح جمع کروایا گیا ہے)؛

4. دولسانی خاص تعلیم، متخصص پروگرام برائے اوٹزم اسپیکٹرم کے حامل بچے (ASD) ، یا ذہنی معذوری کے حامل کے بچوں کے پروگرام جیسے نئے متخصص پروگرام کی ضرورت کی وجہ سے بچوں کی منتقلی۔
5. بچے کے موجودہ اسکول کی اسکے IEP میں تجویز کردہ ایک مناسب خاص تعلیمی پروگرام فراہم کرنے کے قابل نہ ہونے کی قلم بند کردہ وجہ سے دفتر برائے خاص تعلیم کا منظور کردہ تبادلہ؛
6. غیر جانبدارانہ سماعت کے حکم کے مطابق باضابطہ تبادلہ؛ اور
7. ضلع 75 اور 79 کے اندر تبادلے۔

B. دیگر تبادلوں کو کسی مخصوص دشواری سے نمٹنے کے لیے منظور کیا جا سکتا ہے جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے بشرطیکہ ضلع 32-1 اسکولوں میں مندرج بچوں کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز؛ یا ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے لیے ضلع 75 تقرری دفتر میں تمام مطلوبہ دستاویزات کو پیش کیا جا ئے۔ تمام صورتوں میں، دفتر برائے طالبانہ اندراج یا ضلع 75 تقرری دفتر، جو بھی مناسب ہو، تبادلہ درخواستوں کو مسترد یا منظور کرے گا اور اس اسکول کا تعین کرے گا جس میں طالب علم کا تبادلہ کیا جا ئے گا۔

1. **رہائشی ضلع میں تبدیلی کی وجہ سے ضلعی ہنر مند اور قابل تبادلے (صرف K-5 گریڈ کے بچوں کے لیے):** جن والدین کا بچہ ایک ضلعی ہنر مند اور قابل پروگرام میں مندرج ہے اور جو والدین منتقل ہوئے ہیں وہ رہائش کے نئے ضلع میں ایک ضلعی قابل اور ہنر مند پروگرام میں اپنے بچے کے تبادلے کی درخواست کر سکتے ہیں۔
2. **بچے کی نگہداشت میں دشواری کا تبادلہ (صرف کنڈرگارٹن تا گریڈ 5 کے بچوں کے لیے):** والدین اپنے بچے کے تبادلے کی درخواست کر سکتے ہیں کیونکہ ملازمت اور / یا ان کے بچے کی نگہداشت کے مقام سے ان کے اسکول کے فاصلے کی وجہ سے ایک دشواری پیدا ہوئی ہے۔ والدین کو آجر کی جانب سے اور / یا بچوں کے نگہداشت فراہم کنندہ کی جانب سے بچے کی نگہداشت میں دشواری کے معاونتی دستاویزات پیش کرنا لازمی ہیں۔
3. **بر بنیاد بہن / بھائی تبادلے (صرف کنڈرگارٹن تا گریڈ 5 کے بچوں کے لیے):** حصہ II.A.1 کے مطابق تصدیق شدہ بہن / بھائی والے بچوں کے والدین ایک بر بنیاد بہن / بھائی تبادلے کی درخواست کرسکتے ہیں اگر انکے بچے مختلف اسکولوں میں جاتے ہیں۔
4. **طبی بنیاد پر تبادلے / معقول سہولیات** والدین ایک معذوری کے لیے معقول ضرورت کی تکمیل کے لیے بچے کے تبادلے کی درخواست کر سکتے ہیں، جس میں ذیل شامل ہو سکتا ہے، مثال کے طور پر، ایک ایسی طبی حالت یا معذوری جو بچے کو طبیعی طور پر اسکول تک رسائی حاصل کرنے میں رکاوٹ ڈالتی ہو۔ والدین اس صورت میں بھی بچے کی تبادلے کی درخواست کر سکتے ہیں جب والدین کو ایک ایسی معذوری لاحق ہو جو ان کو طبیعی طور پر اسکول تک رسائی حاصل کرنے میں رکاوٹ ڈالتی ہو۔ والدین کے لیے معقول نگہداشت فراہم کنندہ یا پیشہ ور معالج کے طبی خدمات فراہم کنندہ کے سرنامے پر دستخط کے ساتھ دستاویز فراہم کرنا لازمی ہے، جس میں سہولت کے لیے درخواست کی جانے کی حالت کی نوعیت کو اور منتقلی کی تجویز کی وجہ کو بیان کیا گیا ہو۔ دفتر برائے طالبانہ اندراج تبادلے کے فیصلے کرنے کے لیے اسکول کے دفترِ صحت اور/ یا نیو یارک شہر محکمئہ صحت اور دماغی حفظان صحت سے مشاورت کر سکتا ہے۔ والدین کی اجازت کے ساتھ، مزید معلومات کے حصول کے لیے معقول عملہ طبی خدمات فراہم

کنندہ سے رابطہ کر سکتا ہے۔ ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے لیے ضلع 75 تقرری کا دفتر دستیاب اور IEP، اہل خانہ یا طبی خدمات فراہم کنندہ کے ذریعے فراہم کردہ اضافی دستاویزات کو استعمال کر کے بچوں کو مناسب اسکول میں تبادلہ کرے گا۔

5. **تحفظاتی تبادلہ:** ایک تحفظاتی تبادلے کے حصول کے طریقِ کار کو چانسلر کے ضابطے A-449 میں خاکہ کش کیا گیا ہے۔ تحفظاتی تبادلہ کی مندرجہ ذیل صورتِ حال میں اجازت دی جا سکتی ہے: (a) جب ہر بچہ کامیاب ہو ایکٹ (ESSA) کے بموجب بچے اسکول کے احاطے میں تشدد آمیز جرم کا شکار ہوتے ہیں یا (b) ایسی صورتِ حال (بشمول ایذارسانی، دھمکانہ اور غنڈہ گردی کے شکایتوں کے) جس میں یہ تعین کیا جائے کہ طالب علم کی اسکول میں مسلسل حاضری طالب علم کے لیے غیر محفوظ ہے۔ ESSA تحفظاتی تبادلے کی درخواستوں پر عمل درآمد برو مساعدِ اعلی برائے معطلی کرے گا۔

غیر ESSA تحفظاتی تبادلے کی بابت، اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا ایک تحفظاتی تبادلے کو منظور کیا جائے یا نہیں اس کا فیصلہ خاندانی استقبالیہ مرکز کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر کے ذریعے کیا جائے، یا ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے لیے، ضلع 75 دفتر کو پرنسپل / نامزد کردہ کی جانب سے مطلوبہ دستاویزات کے موصول ہو جانے کے 1 ہفتے کے اندر اندر کرنا لازمی ہے۔ طریقِ کار ذیل میں ہیں:

a. تحفظاتی تبادلوں کی درخواستوں کو ذیل دو میں سے کسی ایک طریقے سے کیا جا سکتا ہے:

i. اہل خانہ تحفظاتی تبادلے کی درخواست کو اپنے موجودہ اسکول میں جمع کروا سکتے ہیں، جو درخواست کو خاندانی استقبالیہ مرکز کو بھیجیں گے؛ ضلع 75 پروگراموں مندرج طلبا کے لیے اسکول کو ایسی درخواست کو ضلع 75 کے دفتر کے پاس جمع کروانا چاہیئے۔

ii. اہل خانہ خاندانی استقبالیہ مرکز میں جا کر اور دستاویزات کو جمع کروا کے جیسے کہ بچے یا والدین کی جانب سے ایک تحریری بیان یا تبادلے کی معاونت کرنے والے دیگر دستاویزات کو جمع کروا کے تحفظاتی تبادلے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے والدین کو ان دستاویزات کو ضلع 75 دفتر میں جمع کروانا چاہیئے۔

b. ایک تحفظاتی تبادلے کو زیر غور لائے جانے کے لیے، ایک اسکول کو خاندانی اسقبالیہ مرکز کو ذیل دستاویزات بھیجنا لازمی ہیں، یا ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے لیے ضلع 75 دفتر کو بھیجنا لازمی ہیں:

i. بوجہ تحفظ تبادلہ داخلہ فارم

ii. بوجہ تحفظ تبادلے تفتیشی فارم کا خلاصہ؛ اور

iii. اسکول واقعہ کی رپورٹ یا دیگر اسکولی دستاویزات۔

اگر اہل خانہ نے ایک پولیس رپورٹ، زیر سماعت فہرست کا نمبر، یا عدالت کے دستاویزات اسکول کو جمع کروا دیئے ہیں، تو پھر اسکول کو بھی دستاویزات کو بھیجنا چاہیئے۔ البتہ، یہ بوجہ تحفظ تبادلے کی کاروائی کرنے یا منظور کرنے کے لیے مطلوب **نہیں** ہے۔

c. اگر معاونتی دستاویزات تحفظاتی مسئلے کی حسبِ ضرورت وضاحت نہیں کرتے ہیں یا اضافی معلومات کی ضرورت پڑتی ہے تو، ڈین، نائب پرنسپل برائے تحفظ، یا پرنسپل کے لیے یا ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے لیے ضلع 75 دفتر کو دفتر برائے طالبانہ اندراج کو اضافی معلومات فراہم کرنا لازمی ہے؛

d. بوجہ تحفظ تبادلے کے مواد کی نوعیت کی بنیاد پر، خاندانی استقبالیہ مرکز کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر یا ضلع 75 دفتر، طالبانہ خدمات کے لیے برو دفتر ڈائریکٹر اور برو تحفظاتی ڈائریکٹر کے ساتھ مشاورت کر سکتا ہے جو دفتر برائے تحفظ اور نوجوانان کی فروغ دہی کے دفتر کے چیف ایگزیکیٹیو افسر کے نامزد کردہ کے طور پر خدمات انجام دیتا ہے۔

e. اگر یہ تعین کیا جاتا ہے کہ بچے کا تبادلہ تحفظ کے مسئلے کو حل کر دے گا (اس سے قطع نظر کہ واقعہ کہاں پیش آیا) تو خاندانی استقبالیہ مرکز کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر یا ضلع 75 دفتر بوجہ تحفظ تبادلے کی منظوری دے گا اور بچے کے لیے ایک نئی تقرری فراہم کرے گا۔ ان تمام صورتوں میں، جائزے اور فیصلے کو 5 کاروباری دن سے زیادہ نہیں لگنا چاہیئے۔

f. اگر بچہ یا اہل خانہ ایسے واقعہ (واقعات) کے لیے بوجہ تحفظ تبادلے کی درخواست کر رہے ہیں جو اسکول کے ارد گرد لیکن اسکول کی املاک پر رونما نہیں ہوئے ہیں یا جن کے لیے اسکول کے پاس واقعہ کی کوئی رپورٹ نہیں ہے، لیکن اہل خانہ کا ماننا ہے کہ بچے کی اسکول میں مسلسل موجودگی بچے کے لیے غیر محفوظ ہے تو خاندانی استقبالیہ مرکز کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر یا ضلع 75 دفتر اہل خانہ کے ساتھ ایک مختلف قسم کے تبادلے کی درخواست جمع کروانے کے لیے کام کریں گے، جیسے کہ ایک رہنما تبادلہ (حصہ IV.B.9 ملاحظہ کریں) یا دیگر تبادلے (حصہ IV.C ملاحظہ کریں) اور تبادلے کا انتظام کریں گے۔ اس صورت میں غنڈہ گردی یا ہراساں کرنے کے ایسے الزامات شامل ہو سکتے ہیں جن کے لیے اسکول کے پاس کوئی ریکارڈ نہیں ہے۔

6. **کھیلوں کے لیے تبادلے (صرف ہائی اسکول کے بچوں کے لیے)**

a. عام طور پر کھیلوں کے لیے تبادلے نہیں کیے جاتے؛

b. پبلک اسکول کھیلوں کی لیگ (PSAL) کی ایک مخصوص کھیل کی مستند فہرست میں درج کھلاڑی طالب علم جو ایک ایسے اسکول میں درج ہے جس کو بتدریج بند کر دیا جائے گا اور اسکول اس کھیل کی مزید پیشکش نہیں کر رہا ہے، ایسا طالب علم کسی دوسرے اسکول میں تبادلے کی درخواست دے سکتا ہے۔ PSAL کی ایک مخصوص کھیل کی مستند فہرست میں درج کھلاڑی طالب علم جو ایک ایسے اسکول میں درج ہے جہاں ایسی ٹیم کا وجود ختم ہو گیا ہے، ایسا طالب علم بھی کسی دوسرے اسکول میں تبادلے کی درخواست دے سکتا ہے۔ ایسی صورتوں میں دفتر برائے طالبانہ اندراج ایک ایسے اسکول کی نشان دہی کرے گا جہاں جگہ دستیاب ہو اور اس کھیل کے لیے PSAL ٹیم موجود ہو اور کھلاڑی طالب علم کی تعلیمی اور کھیلوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک معقول تقرری کو سہل بنائے گا؛

c. پبلک اسکول کھیلوں کی لیگ PSAL کی ایک مخصوص کھیل کی مستند فہرست میں درج ایک ایسا کھلاڑی طالب علم جو پبلک اسکول انتخاب کے تحت ایک تبادلے کی درخواست کرتا ہے تو بچہ صرف اپنی درخواست میں درج پبلک اسکول انتخابات اسکولوں میں تبادلے کا اہل ہو گا۔

d. مذکورہ بالا b اور c کے ذیل پیرا میں خاکہ کش کی گئی صورتوں میں، ایک کھلاڑی طالب علم کو نئے اسکول میں اس کے مخصوص کھیل کی PSAL مستند ٹیم میں جگہ کی ضمانت نہیں دی جاتی ہے اور اس کو ٹیم شامل ہونے کے لیے کوشش کرنی ہوگی۔

e. ہائی اسکول کھیلوں کے متعلق تمام ضوابط PSAL طالبانہ کھیل کے قواعد اور ضوابط کے ماتحت ہیں (ذیل پر دستیاب ہیں (www.psal.org

7. **سفر میں دشواری کے تبادلے** (صرف ہائی اسکول کے بچوں کے لیے)

a. سفر میں دشواری کے تبادلے کی درخواست کرنے کے لیے اہلِ خانہ کے لیے لازمی ہے کہ قابلِ تصدیق پتے کے ثبوت پیش کریں۔

b. سفر میں دشواری کے تبادلے کو زیرِ غور لانے کے لیے، گھر سے اسکول تک کے سفر کا 75 منٹ یا زیادہ ہونا لازمی ہے یا بصورتِ دیگر پبلک ذرائع نقل وحمل سے ناقابلِ رسائی ہوں (جیسے کہ عوامی نقل حمل کے ذرائع میں تین سے زیادہ ٹرانسفر)۔

8. **رہنما تبادلے**

a. صرف والدین یا 18 سال یا اس سے بڑی عمر کا ایک خودمختار نوجوان بچہ یا تنہا نوجوان رہنما تبادلے کی درخواست کر سکتے ہیں جیسا کہ حصہ VII.A میں بیان کیا گیا ہے۔ بچے کے نمائندے کے طور پر ایک رہنما تبادلے کی درخواست کرنے والے کسی بھی دیگر فرد کے لیے لازمی ہے کہ یہ تبادلے کے خواہاں فرد کے لیے والدین، خودمختار نوجوان، تنہا نوجوان یا 18 سال کی یا اس سے بڑی عمر کے طالب علم کی جانب سے اجازت کے تحریری اظہار کو فراہم کریں۔ ایسی تحریری اجازت کو خاندانی استقبالیہ مرکز یا ضلع 75 تقرری دفتر کے پاس جمع کروایا جانا چاہیئے، جو اجازت کی تصدیق کرنے کے لیے والدین، خودمختار نوجوان، تنہا نوجوان یا 18 سال کی یا اس سے بڑی عمر کے طالب علم سے رابطہ کریں گے۔

b. والدین یا ایک خود مختار نو بالغان، 18 سال یا بڑی عمر کے اور تن تنہا طالب علم ایک رہنما تبادلے کی درخواست کر سکتا ہے اگر بچہ تعلیمی یا سماجی طور پر نشوونما نہیں پا رہا اور ایک متبادل تقرری اس مسئلے کو حل کر دے گی۔

c. رہنما تبادلے کی درخواست کی وجہ کی نوعیت پر منحصر، دفتر برائے طالبانہ اندراج یا ضلع 75 تقرری دفتر، مہتمم، برو دفتر برائے طالبانہ خدمات یا رہنمائی کے ڈائریکٹر اور ماحولیاتی مینیجر، برو تحفظ ڈائریکٹر، برو دفتر برائے صحت کے ڈائریکٹر یا موضوع پر ایسے دیگر ماہرین سے مشاورت کر سکتے ہیں جو درخواست کی وجہ سے متعلقہ بصیرت اور تناظر فراہم کر سکتے ہوں۔

d. جب تبادلے کی درخواست تعلیمی کارکردگی یا بے تحاشہ غیر حاضری کے مسئلے کی بنیاد پر ہو تو دفتر برائے طالبانہ اندراج یا ضلع 75 تقرری دفتر، مہتمم سے منظوری کی درخواست کر سکتے ہیں۔ دفتر برائے طالبانہ اندراج، ضلع 75 تقرری دفتر، اور / یا مہتمم تبادلے کے بارے میں ثبوت یا دستاویز کے حصول کے لیے پرنسپل سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

e. رہنما تبادلے کے اس طریقے کو صرف اس وقت استعمال کیا جانا چاہیئے جب **والدین رضاکارانہ درخواست کریں**۔ اگر ایک **پرنسپل** ایک بچے کے تبادلے کے کارروائی کا آغاز کرتا ہے کیونکہ طالب علم اسکول میں مطابق پذیر ہونے میں ناکام رہا ہے تو چانسلر کے ضابطہ A-450 میں قائم کیے گئے رضاکارانہ تبادلے کے متعلق طریق کار کا اطلاق کیا جانا چاہیئے اور پرنسپل کے لیے اس میں قائم کردہ طریق کار کی پابندی کرنا لازمی ہے۔

f. اگر ایک بچہ غنڈہ گردی یا ہراس کی وجہ سے تبادلے درخواست کر رہا ہے، لیکن اہل خانہ اور نہ ہی اسکول تحفظاتی تبادلے کے مطلوبہ دستاویزات کو فراہم کرنے کے قابل ہیں، یا مشتبہ واقعہ اسکول کے املاک پر رونما نہیں ہوا تھا، دفتر برائے طالبانہ اندراج یا ضلع 75 تقرری دفتر رہنما تبادلے یا اگر مناسب ہو دیگر تبادلے کے طور پر ایک تبادلے کی کاروائی کا آغاز کر سکتے ہیں۔

C. دیگر تبادلے دیگر تبادلوں سے، بشمول ایک قلم بند دشواری کی وجہ سے نہیں ہیں، انفرادی طور پر دفتر برائے طالبانہ اندراج یا ضلع 75 پروگراموں کے لیے تجویز کردہ بچوں کے لیے ضلع 75 تقرری دفتر کے ذریعے صورت حال بہ صورت حال کی بنیاد پر نمٹا جا ئے گا۔ تمام صورتوں میں دفتر برائے طالبانہ اندراج تبادلے کی درخواستوں کو مسترد یا منظور کرے گا اور اس اسکول کا تعین کرے گا جس میں طالب علم کو منتقل کیا جا ئے گا۔ کسی بھی مخصوص اسکول میں تقرری کی ضمانت نہیں ہے، نئے اسکول میں تقرری کی بنیاد نشستوں کی دستیابی اور اگر قابل اطلاق ہو، اہلیت پر ہے۔

## V. معذوری کے حامل طلبا کے لیے داخلہ اور اندراج کی پالیسیاں

غیر معذور طلبا کے لیے داخلہ اور اندراج کی تمام پالیسیوں کا اطلاق معذوری کے حامل طلبا پر بھی ہوتا ہے، بشمول داخلہ کاروائیوں میں بچے کی شرکت، دوبارہ داخلے اور اندراج کے طریق کار کی نگرانی کرنے والی پالیسیوں کے۔

A. IEP کے حامل بچوں کو مندرجہ ذیل پالیسیوں کے مطابق تبادلہ اور تقرر کیا جا ئے گا:

1. جب ایک (IEP) کے پروگرام میں تبدیلی کی جاتی ہے تو معذوری کے حامل طلبا سے اپنے ضلع 32-1 کے موجودہ اسکول میں رہنے کی توقع کی جاتی اور یہ اس میں رہنے کے مستحق ہوتے ہیں ماسوائے کہ تبدیلی ضلع 75 تقرری یا غیر پبلک اسکول میں تقرری کا تقاضا کرے۔

2. جب ایک IEP پروگرام میں ضلع 75 تقرری سے ضلع 32-1 تقرری میں تبدیلی کی جاتی ہے تو ضلع 75 تقرری دفتر، دفتر برائے طالبانہ اندراج سے ضلع 32-1 اسکول میں تقرری کی درخواست کرے گا اور یہ بچے کے لیے اسکول کی تقرری فراہم کرے گا۔

3. ضلع 32-1 اسکولوں میں خاص تعلیم پروگرام اور خدمات

a. خاص تعلیم پروگرام اور خدمات کے لیے، بشمول اوٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر (ASD) کے حامل طلبا، عقلی معذوری کے حامل بچے (ACES)، دولسانی خاص تعلیم کے لیے تجویز کردہ بچوں کے، اور ضلع 75 خاص تعلیم مشمولی خدمات موصول کرنے والے بچوں کے، محکمئہ تعلیم کے

لیے اس پروگرام میں ایک نئی تقرری کی نشان دہی کرنے تک بچہ اپنے موجودہ اسکول میں رہنے کا مستحق ہے۔ اس وقت بچے کو منتقل کر دیا جائے گا۔

b. آخری گریڈ تک کسی بھی وقت، اگر ایک بچے کا IEP متخصص پروگرام یا خدمت کی ضرورت کی عکاسی نہیں کرتا ہے تو طالب علم سے اسکول میں آخری گریڈ تک رہنے کی توقع کی جاتی ہے اور یہ اس کا مستحق ہے۔ بچوں کو اپنے زون شدہ اسکول میں تبادلے کا حق حاصل ہے، اگر جگہ دستیاب ہو۔

B. نیو یارک شہر اسکولی ضلع میں نئے یا واپس آنے والے IEP کے حامل بچوں کو اس ضابطے میں خاکہ کش کردہ دوبارہ داخلے یا اندراج کی پالیسیوں کی پابندی کرنی چاہیئے۔ ریاست سے باہر کے IEP کے حامل بچوں کے لیے اضافی طریق کار ذیل میں ہیں:

**1.** کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) یا اسکول DOE سے باہر والے IEP میں بیان کردہ قابل موازنہ خدمات بچے کو فراہم کرنے کے لیے خدمات کے ایک قابل موازنہ منصوبے کو (CSP) کو فروغ دے گا۔

2. اسکول فوراً CSP کا اطلاق کرے گا۔ بچے کے اسکول یا جب مناسب ہو CSE کے ذریعے 30 دن کے اندر ایک نئے IEP تیار کیا جانا چاہیئے۔

C. رسائی کے ضرورت مند طلبا:

کنڈر گارٹن، مڈل اسکول اور ہائی اسکول داخلہ طریق کار میں، تصدیق شدہ رسائی کے ضرورت مند بچوں کو محکمئہ تعلیم کے ذریعے نشان دہی کردہ ایسے اسکول کے لیے پہلی ترجیح حاصل ہو گی جو بچے کی رسائی کی ضروریات کی تکمیل کرتا ہے۔ چھان بین والے مڈل اسکول اور ہائی اسکول پروگراموں کے لیے بچوں کو داخلے کے معیار کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔

## VI. جائے رہائش کا تعین اور تصدیق

A. رجسٹریشن، اندراج اور داخلے کے مقصد کے لیے ایک بچے کی قانونی طور پر صرف ایک رہائش گاہ ہو سکتی ہے۔

B. بچے کی رہائش کا تعین ذیل کے مطابق کیا جاتا ہے:

1. جائے رہائش کا فیصلہ کسی شخص کی اس اسکولی ضلع کے متعین کردہ جغرافیائی حدود میں طبیعی طور پر سکونت پذیر ہونے اور آئندہ بھی وہیں رہتے رہنے کی نیت سے کیا جاتا ہے۔

2. ایک بچے کی جائے رہائش کے فیصلے کا انحصار بچے کی حقیقی دیکھ بھال، نگرانی، اور نظم و ضبط کے تعین پر ہے۔

3. جس بچے کے والدین علحیدہ رہتے ہوں اس بچے کی رہائش، اس والدین کی رہائش گاہ کو سمجھا جائے گا جو بچے کو نگہداشت فراہم کرتا ہو۔ اگر والدین کو بچے کی مشترکہ سرپرسرستی دی گئی ہے تو بچے کی جائے رہائش اس والدین کی رہائش گاہ ہوگی جس کے پاس اسکی بنیادی حقیقی سرپرستی ہے۔

4. اگر والدین کے نیویارک شہر میں ایک سے زیادہ گھر ہیں تو، اسکول کی رجسٹریشن کے مقصد کے لیے اس گھر کو رہائش کے طور پر استعمال کیا جائے گا جس میں بچہ رہتا ہے۔

C. ایک بچے کا ایک اسکول میں اندراج کروانے کے وقت جائے رہائش کا ثبوت فراہم کرنا لازمی ہے۔ ایک ٹیلیفون بل، اور کریڈٹ کارڈ بل یا طبی بیمہ کارڈ پتے کی تصدیق کے قابلِ قبول ثبوت نہیں ہیں۔ رہائش کا ثبوت ذیل کے کسی دو دستاویزات سے ظاہر کیے جانا لازمی ہے، جن میں سے ہر ایک میں گھر کا پتہ درج ہونا لازمی ہے۔

1. رہائش کے ثبوت کی تصدیق ذیل کے کسی بھی دو دستاویزات سے کی جا سکتی ہے:

a. جائے رہائش کے لیے ایک اصلی کرایہ نامہ، ملکیت کے کاغذات، یا مارگیج اسٹیٹمنٹ؛

b. مکین کے نام ایک رہائشی یوٹیلٹی بل (گیس یا بجلی) جو ایک یوٹیلٹی کمپنی (مثلاً نیشنل گرڈ یا کون ایڈیسن) کے ذریعے جاری کیا گیا ہو، مورخہ پچھلے 60 دنوں کے اندر کا ہونا چاہیئے؛

c. جائے رہائش کو فراہم کی جانے والی کیبل ٹی وی خدمات کے لیے بل؛ اس پر والدین کا نام اور جائے رہائش کا پتہ درج ہونا ضروری ہے اور مورخہ پچھلے 60 دنوں کے اندر کا ہونا چاہیئے۔

d. وفاقی، ریاستی یا مقامی حکومتی ایجنسی بشمول IRS، شہری رہائشی انتظامیہ، وفاقی دفتر برائے پناہ گزین تصفیہ، نیو یارک شہر انسانی وسائل کی انتظامیہ یا نیو یارک شہر بچوں کی خدمات کی انتظامیہ (ACS) یا ایک ACS ذیلی ٹھیکیدار کے سرنامہ پر دستاویز یا خط جس پر مکین کا نام اور پتے کی نشاندہی کی گئی ہو؛ مورخہ پچھلے 60 دنوں کے اندر کا ہونا لازمی ہے؛

e. جائے رہائش کے لیے ایک موجودہ ملکیت کے ٹیکس کا بل؛

f. رہائش گاہ کے لیے پانی کا بل، مورخہ پچھلے 90 دنوں کے اندر کا ہونا لازمی ہے؛

g. کرائے کی رسید جس پر جائے رہائش کا پتہ شامل ہو؛ مورخہ پچھلے 60 دنوں کے اندر کا ہونا لازمی ہے؛

h. ریاستی، شہری یا دیگر حکومت کی جاری کردہ شناخت (بشمول آئی ڈی این وائی سی کارڈ )، جو ختم نہیں ہوئی ہے اور جس پر جائے رہائش کا پتہ شامل ہے؛

i. پچھلے کیلنڈر سال کا آمدنی کے ٹیکس کا فارم؛

j. نیویارک ریاست کا سرکاری ڈرائیور لائسنس یا لرنرز پرمٹ جو ختم نہیں ہوا ہے؛

k. آجر کی جانب سے پچھلے 60 دنوں کے اندر جاری کیے گئے سرکاری پے رول کے دستاویزات جیسے کہ پے اسٹب بمع گھر کا پتہ، ٹیکس کاٹے جانے کے مقصد سے جمع کیا جانے والا فارم یا پے رول رسید (آجر کے سرنامے پر ایک خط کافی نہیں ہے)؛ اس پر گھر کا پتہ لازماً شامل ہونا چاہیے اور مورخہ پچھلے 60 دنوں کے اندر کا ہونا چاہیئے؛

l. ووٹر رجسٹریشن دستاویزات، اس پر والدین کا نام اور جائے رہائش کا پتہ درج ہونا چاہیے؛

m. جائے رہائش پر مبنی مستند رکنیت کے دستاویزات (مثلاً مضافاتی علاقے کے مکینوں کی اسوسی ایشن)، اس پر والدین کا نام اور جائے رہائش کا پتہ درج ہونا چاہیے؛

n. بچے کی تحویل کا ثبوت، بشمول لیکن انہی تک محدود نہیں، عدالتی تحویل کے احکامات یا سرپرستی کے کاغذات؛ دستاویزات لازماً پچھلے 60 دنوں میں جاری کیے گئے ہوں اور ان پر طالب علم کا نام اور جائے رہائش کا پتہ شامل ہو۔

اوپر دیئے گئے دستاویزات میں سے ایک واحد دستاویز کافی نہیں ہو گا۔ رہائش کے ثبوت مطلوب ہیں ماسوائے جہاں تیسرے فریق کا حلف نامہ دو میں سے ایک دستاویز ہے، اور اس صورت میں، رہائش کے ثبوت کے دو دستاویز مطلوب ہیں ( جیسا ذیل پیرا 2 میں بیان کیا گیا ہے۔ اگر والدین ایک اپارٹمنٹ یا گھر میں ذیلی کرایہ دار ہیں، یا اگر ایک سے زیادہ خاندان ایک جگہ رہائش پذیر ہیں اور صرف ایک کے نام کرایہ نامہ ہے یا گھر کا ایک ہی مالک ہے، رہائش کے ثبوت کے لیے والدین کے لیے ایک "پتہ کا حلف نامہ" پیش کرنا لازمی ہے، جس پر بنیادی کرایہ نامہ کے حامل اور اس کے ساتھ ہی والدین، دونوں کے دستخط ہونا لازمی ہیں جو اس بات کی تائید کریں کہ یہ خاندان اس اپارٹمنٹ یا گھر میں رہائش پذیر ہے، اور دو مزید دستاویزات جو اہل خانہ کے گھر کے پتے کی تصدیق کریں۔ پتے کے حلف نامے پر دستخط کو تصدیق شدہ (نوٹرائز) ہونے کو ترجیح دی جاتی ہے، لیکن نوٹرائز دستخط کی عدم موجودگی میں حلف نامے کو ایک ایسے اضافی دستاویز کے ساتھ قبول کیا جا سکتا ہے جو بنیادی کرایہ نامہ رکھنے والے اور والدین کی اس اپارٹمنٹ یا گھر میں رہائش کی تصدیق کرے۔ اگر کوئی والدین اس طرح کا حلف نامہ حاصل کرنے کے قابل نہیں ہے تو والدین ایک تیسرے فریق کی جانب سے ایک تحریری بیان جمع کروا سکتے ہیں جس میں اس حقیقت کی تصدیق کی گئی ہو کہ والدین مخصوص پتے پر رہائش پذیر ہیں ("تیسرے فریق کا حلف نامہ") اس کے ساتھ مذکورہ بالا حصہ VII.A.1 میں بیان کیے گئے دو دستاویز ہونے چاہیئں، جو یہ تصدیق کریں کہ اہل خانہ اس پتے پر رہتے ہیں۔ عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے بچے، بشمول جو کسی کے ساتھ رہ رہے ہیں، اور وہ طلبا جو عارضی نگہداشت میں رہتے ہیں ان سے اسکول میں رجسٹر کروانے کے لیے یہ حلف نامے فراہم کرنا مطلوب نہیں ہے۔

2. اگر گھر کے پتے کے ثبوت کی موزونیت کے متعلق کوئی سوالات ہیں یا والدین مناسب کاغذات مہیا نہ کر سکیں تو دفتر برائے طالبانہ اندراج یا اسکول، جہاں مناسب ہو، بچے کو اسکول میں عارضی طور پر رجسٹر کرے گا۔ والدین کو عارضی رجسٹریشن کا نوٹس دیا جائے گا جس میں یہ درج ہوگا کہ طالب علم کو پتے کی تحقیقات کا نتیجہ واضح ہونے تک اسکول میں عارضی طور پر داخلہ دیا جارہا ہے۔ وہ اسکول جس میں طالب علم رجسٹر ہے، اس ضابطہ کے "دھوکا دہی اور رہائش کی تفتیش" کے متعلق مندرجہ ذیل طریقِ کار کے مطابق رہائش کی تصدیق کے لیے تفتیش کا آغاز کرنے کے لیے ذمہ دار ہے۔ بچے کو تحقیقات کی کارروائی کے دوران اسکول آنے سے روکا نہیں جاسکتا اور یہ اندراج کروانے اور کلاس میں شرکت کرنے کا اہل ہے۔ عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلبا کے لیے، رہائش کے دستاویزات کی یہ تفتیش اور مطلوبات مککنی وینٹو میں قائم کی گئی مطلوبات کے موقوف پر ہیں۔

3. عارضی رہائش گاہ میں اور عارضی والدین کی زیر نگہداشت طلبا بشمول وہ طلبا جو کسی کے ساتھ رہ رہے ہیں ان کے لیے بنیادی لیز رکھنے والے/کرایہ دار سے رہائش کا حلف نامہ جمع کروانا مطلوب نہیں ہے۔

D. دھوکا دہی اور رہائش کی تفتیش

اگر طالب علم کے پتے کے بارے میں کوئی سوالات ہیں یا یہ اندیشہ ہے کہ طالب علم کو رجسٹر کروانے کے لیے ایک غلط پتہ استعمال کیا گیا تھا تو، اسکول کے لیے مسئلہ کا انکشاف ہونے کے 30 دنوں کے اندر پتے کی تفتیش کا آغاز کرنا لازمی ہے۔

1. اگر یہ تعین کیا جاتا ہے کہ بچہ ایک ایسے پتے پر رہتا ہے جو اس کو موجودہ اسکول میں شرکت کرنے کے لیے نااہل بنا دیتا ہے تو پرنسپل کے لیے لازمی ہے کہ وہ برو دفتر کے رابط فرد کو تفتیش کے نتائج فراہم کرے۔ برو دفتر رابطے کا فرد تنائج کا جائزہ لے گا اور اگر وہ مناسب سمجھیں تو، برو دفتر کے طالبانہ خدمات کے مساعد اعلی یا ان کے نامزد کردہ کو منتقلی کی تجویز کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، برو دفتر کا رابطہ فرد اس اصل پتے کا تعین کرے گا جس پر بچہ رہتا ہے۔ برو دفتر کے طالبانہ خدمات کے مساعد اعلی یا نامزد کردہ کے لیے تفتیش کے کاغذات کا جائزہ لینا اور اس بات کا تعین کرنا لازمی ہے کہ آیا یہ تبادلے کی منظوری کے لیے کافی ہیں۔ برو دفتر کے طالبانہ خدمات کے مساعد اعلی یا نامزد کردہ کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر کو طالب علم کے تبادلے کی منظوری سے آگاہ کرنا لازمی ہے۔

2. اگر بچے کو منتقل کیا جاتا ہے تو، پرنسپل کے لیے والدین کو تحریری اطلاع نامہ دینا لازمی ہے جس میں ذیل بیان کیا گیا ہو:

   a. تفتیش کے نتائج؛

   b. بچہ موجودہ اسکول میں شرکت کرنے کا مستحق نہیں ہے اور اسے مناسب اسکول میں منتقل کر دیا جا ئے گا؛

   c. اس نئے تقرر کردہ اسکول کا نام، نمبر، اور پتہ، جس کے لیے بچہ اہل ہے اور وہ تاریخ جس پر بچے کو اس اسکول میں داخل کیا جا ئے گا ؛ اور

   d. اسکول کی معاونت کرنے والے برو دفتر کے طالبانہ خدمات کے مساعد اعلی یا ان کے نامزد کردہ سے اطلاع نا مے کے خط کے موصول ہونے کے پانچ دنوں کے اندر تفتیش کے نتائج کی اپیل کرنے کا حق۔

3. بچے کے تبادلے کے حکم کو اپیل کے نتیجے تک وقتی طور پر روک لیا جا ئے گا تاوقتیکہ پرنسپل اور خاندانی استقبالیہ مرکز کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر کی مشاورت کے ساتھ برو دفتر کے طالبانہ خدمات کے مساعد اعلی یا نامزد تعین کرے کہ یہ غیرمناسب ہے۔ اپیل کے نتیجے کو دس اسکولی دنوں کے اندر جاری کیا جانا چاہیئے۔

4. ایک ایسے مناسب تبادلہ اسکول کا تعین کرنے کے لیے جس میں بچے کو منتقل کیا جا ئے گا، والدین کو قابلِ تصدیق پتے کا ثبوت جمع کروانا ہو گا۔

   a. اگر پتے کی تفتیش کے طریق کار کے ذریعے بچے کے اصلی زون کی تصدیق کی جاتی ہے تو موجودہ اسکول یا پیشکش کیے جا نے والے اسکول کا پرنسپل تحریری اطلاع نا مے میں درج فہرست کر کے اہل خانہ کو زون شدہ اسکول میں بھیجے گا (مذکورہ بالا پیرا D.2 ملاحظہ کریں)۔

b. اگر طالب علم کا زون اسکول نہیں ہے یا یہ ہائی اسکول میں شرکت کرنے کا اہل ہے تو خاندانی استقبالیہ مرکز کا ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر نئے اسکول کا تعین کرے گا۔ ایک دوسرے برو کے اسکول میں تبادلے کے لیے، خاندانی استقبالیہ مرکز کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر موصول کرنے والے برو کے نئے اسکول کا تعین کرے گا اور اگر مناسب ہو تو بچے کو رجسٹر میں داخل کرے گا۔

c. اگر یہ تعین کیا جاتا ہے کہ بچہ نیو یارک شہر میں نہیں رہتا ہے تو بچے کو شہر میں رہائش نہ رکھنے والا تصور کیا جائے گا، اس صورت میں والدین کو طالب علم کی شرکت کے دورانیے کے دوران چانسلر کے ضابطے A-125 کے مطابق فیس ادا کرنی ہوگی، اور فیصلہ کیے جانے والے سمسٹر کے اختتام پر طالب علم کو شہر میں رہائش نہ رکھنے والے کے طور پر برخاست کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، بچہ رہائش نہ رکھنے والے کی حیثیت سے نیو یارک شہر اسکول ضلع میں مندرج رہنے کے لیے درخواست جمع کروانے کے اپنے کسی بھی حق کو کھو دے گا۔

5. عارضی رہائش گاہ میں اور عارضی والدین کی زیر نگہداشت طلبا سے اسکول میں اندراج کروانے کے لیے پتے کے ثبوت جمع کروانا مطلوب نہیں ہے؛ البتہ، یہ پتے کی تفتیش پر منحصر ہے، اگر بچے کے پتے کے بارے میں کوئی سوال یا پتہ غلط ہونے کا شبہ ہے۔ گھر کے ایک دورے کے ذریعے بچے کے عارضی پتے کی تصدیق ہو جانے کے بعد، بچہ رہائش کے ثبوت کے لیے اضافی دستاویز فراہم کیے بغیر اسکول میں شرکت کرنا جاری رکھ سکتا ہے۔

## VII. **<u>خاص حالات</u>**

A. ایک سرپرست کے بغیر آنے والا بچہ

1. تنہا نوجوان یا خود مختار نو بالغ

a. اس ضابطے کے مقصد کے لیے تن تنہا نوجوان کی صورت میں جیسا کہ چانسلر کے ضابطے A-780 میں بیان کیا گیا ہے، ان کو عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے بچوں کی طرح حقوق حاصل ہوں گے (ذیل میں حصہ VII .C ملاحظہ کریں) ان بچوں سے والدین کے ہمراہ آنا یا رجسٹر، اندراج یا منتقلی کروانے کے لیے دستاویز فراہم کرنا مطلوب نہیں ہے۔

b. خود مختار نوبالغ کا مطلب ہے (17-16 سال کی عمر) ایک ایسا بچہ جو والدین سے علیحدہ رہتا ہے، اپنے والدین سے مالی کفالت موصول نہیں کرتا ہے اور اس کو عارضی نگہداشت کی ضرورت نہیں ہے یا نہ ہی یہ اس میں رہتا ہے، ان بچوں کے لیے اسکول میں رجسٹر، اندراج یا منتقلی کروانے کے لیے والدین کے ہمراہ آنا لازمی نہیں ہے۔

i. ایک خود مختار نو بالغ سے <u>خود مختاری کا حلف نامہ</u> پر دستخط کرنے یا شادی کا سرٹیفیکٹ فراہم کرنا کے لیے کہا جا سکتا ہے۔

ii. بچے کے نام کرایہ کی رسید، رہائش فراہم کرنے والے فرد کی جانب سے بیان رہائش کے ثبوت کے طور پر پیش کیے جاسکتے ہیں۔

c. ایک تن تنہا نوبالغ یا ایک خود مختار نو بالغ کے لیے اسکول میں رجسٹر، اندراج یا منتقلی کروانے کے لیے کسی بالغ کے ہمراہ آنا لازمی نہیں ہے۔ خاندانی استقبالیہ مرکز، ضلع 75 دفتر یا اسکول کے افسران کے لیے اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا ACS کو مطلع کیا جائے، بچے کی عمر اور صورتِ حال کو زیر غور لانا لازمی ہے، جہاں بھی قابل اطلاق ہو۔

2. گمشدہ بچہ یا گھر سے بھاگا ہوا نوجوان

a. گمشدہ بچے کا مطلب وہ بچہ ہے جس کو نگرانی کا حق رکھنے والے والدین سے علیحدہ کر دیا گیا ہو۔

b. گھر سے بھاگا ہوا فرد وہ ہے جو 18 سال سے کم عمر کا ہے اور جنہوں نے اپنے آپ کو گھر سے یا قانونی رہائش گاہ سے والدین کی اجازت کے بغیر غیر حاضر رکھا ہوا ہے۔

c. اگر یہ شبہ ہو کہ جو بچہ اسکول میں رجسٹر کیا جارہا ہے وہ ایک گمشدہ بچہ ہے، یا گھر سے بھاگا ہوا نوجوان ہے تو پرنسپل کے لیے بچے کو مندرج کرنا اور مقامی پولیس تھانے سے فوراً رابطہ کرنا لازمی ہے۔

3. ایسے تمام بچے جو کہ محکمئہ تعلیم اسکول میں فی الوقت رجسٹر نہیں ہیں جو والدین کے بغیر آتے ہیں ان کو رجسٹر کیا جانا چاہیئے، حتی کہ اس بات کا فوراً تعین نہیں کیا جاسکتا ہو کہ بچہ والدین کے بغیر کیوں آیا ہے۔

B. عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا

1. توضیحات:

a. ایک عارضی رہائش گاہ میں رہنے والا بچہ وہ ہوتا ہے جس کے پاس رات کو مستقل، باقاعدہ، اور معقول رہائش نہ ہو۔ ان میں وہ بچے شامل ہیں جو:

- کسی کے گھر میں رہتا ہے کیونکہ ان کے اہلِ خانہ نے معاشی تنگدستی یا اس سے ملتی جلتی وجوہات (بعض اوقات جن کا حوالہ بطور "ڈبل اپ" کے دیا جاتا ہے) کے باعث اپنا گھر کھو دیا ہو یا متبادل معقول سہولیات کی کمی کے باعث ایک موٹل، ہوٹل، ٹریلر پارک یا پڑاؤ ڈالنے والے میدان (کیمپینگ گراؤنڈ) میں رہتا ہے؛ یا
- ہنگامی صورتِ حال کی یا عارضی پناہ گاہ میں رہتا ہے بشمول عوامی یا نجی طور پر چلائے جانے والی ایسی امدادی پناہ گاہ جس کو عارضی طور پر رہائشی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے (جن میں کاروباری ہوٹل، متجمع پناہ گاہیں، گھریلو تشدد کے شکار افراد کے لیے رہائشی پروگرام اور دماغی طور بیمار افراد کے لیے عارضی رہائش گاہ شامل ہیں)، یا
- ہسپتال میں چھوڑ دیا گیا ہے؛ یا
- ایسی عوامی یا نجی جگہ پر رہ رہا ہے جس کی ساخت عام طور پر باقاعدہ سونے کی سہولت کے طور پر نہیں ہے یا اس کو عموماً اس مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جاتا، یا

- گاڑیوں، پارک، عوامی مقامات، ترک کردہ عمارتوں، غیرمعیاری رہائش گاہوں، بس، یا ٹرین اسٹیشن یا ان سے مماثل ماحول میں رہ رہا ہے۔

b. اصل اسکول کا مطلب وہ اسکول ہے جس میں بچے نے اس وقت شرکت کی تھی جب وہ ایک مستقل رہائش گاہ میں رہ رہا تھا یا وہ اسکول جس میں بچے کو آخری بار مندرج کیا گیا تھا، بشمول ایک پری اسکول پروگرام کے۔

2. عارضی رہائس گاہ میں رہنے والا ایک طالبِ علم یا تو اپنے علاقائی اسکول میں رہ سکتا ہے یا ایک ایسے نئے اسکول میں منتقل ہو سکتا ہے جس کے لیے بچہ اپنے عارضی رہائش گاہ کے جائے وقوع کی بنیاد پر شرکت کرنے کا اہل ہے اور بچہ جس کے داخلے کے معیار کی تکمیل کرتا ہے، جہاں قابلِ اطلاق ہو، اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ بچے بہترین مفاد میں ہو۔ عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے ہائی اسکول کے طلبا سے ایک دوسرے اسکول میں تبادلہ کروانے کے لیے سفر کی دشواری ثبوت فراہم کرنا مطلوب نہیں ہے۔ نئی رہائش کی بنیاد پر اگر بچہ نئے اسکول میں شرکت کرنے کا انتخاب کرتا ہے تو اسکول کو فوراً بے گھر یا تنہا بچے کو رجسٹر اور مندرج کرنا چاہیئے، چاہے بچہ یا تنہا طالب علم رجسٹریشن اور اندراج کے لیے عام طور پر مطلوبہ ریکارڈ کو پیش کرنے قابل نہ ہو۔ بے گھر بچوں کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-780 ملاحظہ کریں۔

3. احتمالاً طالب علم کو اس کے بنیادی اسکول میں رکھنا اس کے بہترین مفادات میں ہے، ماسوائے ان صورتوں کے جہاں والدین ایک مختلف اسکول میں اندراج کی درخواست کریں۔ بہترین مفاد کا تعین کرنے کے لیے متعدد عناصر کو مد نظر رکھنا چاہیئے، بشمول: حصولیابی، تعلیم، صحت اور تحفظ پر تبادلے کے اثرات، اور والدین یا تن تنہا نوجوان کے انتخاب کو ترجیح۔

a. چانسلر کے ضابطے A-780 حصہ IV سے ہم آہنگ اس بات میں اختلاف ہو کہ آیا بچہ اپنے علاقائی اسکول میں رہ سکتا ہے یا ایک ایسے نئے اسکول میں منتقل ہو سکتا ہے جس کے لیے بچہ اہلیت کے معیار کی اور نشستوں کی دستیابی کی بنیاد پر شرکت کرنے کا اہل ہے، محکمئہ تعلیم کے لیے والدین کے ذریعے تعین کردہ اسکول میں بچے ( یا تنہا نوبالغ کی صورت میں، نوجوان کو ) کو مندرج کرنا اور نقل و حمل فراہم کرنا لازمی ہے، اس کا مطلب ہے کہ اختلاف کا حتمی فیصلہ ہونے تک اصل اسکول یا اہلیت اور نشست کی دستیابی کی بنیاد پر نیا تقرر کردہ اسکول میں۔

4. گھریلو تشدد والے گھر میں رہنے والے بچوں کا پتہ خفیہ رکھا جاتا ہے اور اس کا اشتراک کسی بھی دفتر یا ایجنسی کے ساتھ نہیں کیا جاتا ہے۔

5. مستقل پتے کا نہ ہونا کسی بچے کو اسکول میں داخلہ نہ دینے رجسٹر نہ کرنے اور اندراج نہ کرنے کی جائز بنیاد نہیں بن سکتا ہے۔ عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے بچے مککنی ونٹو بےگھر افراد کی معاونت کے ایکٹ (42 U.S.C. § 11431) کے زمرہ VII اور چانسلر کے ضابطہ A-780 کے مطابق محکمئہ تعلیم اسکولوں میں فوراً اندراج اور شرکت کے مستحق ہیں چاہے طالب علم عام طور پر رجسٹریشن اور اندراج کے لیے مطلوب دستاویزات کو فراہم نہیں کر سکتا ہو۔

6. عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلبا جو اختتامی گریڈز (3-K، پری کنڈر گارٹن، 6 گریڈ اور 9 گریڈ) کے لیے داخلہ کارروائی میں حصہ لیتے ہیں:

a. ان کو اس علاقے میں مستقل رہائش گاہ میں رہنے والے بچوں کی طرح مساوی ترجیح حاصل ہونی چاہیئے؛ اور

b. یہ اسکول یا پروگرام میں داخلے کی جغرافیائی ترجیح کی سطح کو برقرار رکھیں گے اگرچہ ان کی رہائش ایک ایسے پتے پر ہے جو بصورتِ دیگر ان کو اس اسکول میں درخواست دینے یا تقرر ہونے کے لیے نا اہل قرار دے، چاہے یہ نیو یارک شہر سے باہر عارضی رہائش گاہ میں منتقل ہو جائیں۔

7. اگر عارضی رہائش گاہ میں رہنے والا ایک بچہ فی الوقت اسکول کے ایسے گریڈ میں مندرج ہے جو اسکول کا آخری گریڈ ہے اور یہ نیو یارک شہر سے باہر ایک مستقل رہائش گاہ میں منتقل ہو جاتا ہے تو ان کو نیو یارک شہر میں رہائش نہ رکھنے والوں کی اندراج کی فیس دیئے بغیر اپنے علاقائی اسکول کے اس اخری گریڈ کے اختتام تک اسکول میں رہنے کا حق ہے۔

C. عارضی نگہداشت میں رہنے والے طلبا

1. توضیحات:

a. "عارضی نگہداشت" کا مطلب ہے کہ اپنے حقیقی والدین یا گود لینے والے والدین سے دور وہ بچے جو 24 گھنٹے کسی فرد کی متبادل نگہداشت میں رہتے ہیں اور جس کو بچے کی بہبود کی ایجنسی نے تقرر کیا ہے اور نگہداشت کا ذمہ سونپا ہے۔ اس میں شامل ہے، لیکن اسی تک محدود نہیں ہے، عارضی والدین کے گھر میں نگہداشت، رشتہ داروں کے عارضی نگہداشت گھر، گروپ ہومز، ہنگامی صورت میں پناہ گاہیں، رہائشی سہولیات بچوں کی نگہداشت کے ادارے، اور گود لیے جانے سے پہلے کے گھر۔

b. اصل اسکول کا مطلب وہ اسکول ہے جس میں بچے نے عارضی والدین کی زیر نگہداشت تقرری کے دوران شرکت کی تھی یا وہ اسکول جس میں طالب علم نے آخری بار شرکت کی تھی، بشمول ایک پری اسکول پروگرام کے۔ البتہ، بہترین مفاد کا تعین جب یہ فیصلہ کرتا ہے کہ بچے کو ایک نئے اسکول میں منتقل کیا جانا چاہیئے، کسی بھی ایسے اسکول کی درخواست کی جا سکتی ہے جس میں بچہ سابقہ طور پر مندرج تھا اور اس کو زیرِ غور لایا جا سکتا ہے، اس کا انحصار اہلیت اور نشست کی دستیابی پر ہے۔

2. عارضی والدین کے زیر نگہداشت رہنے والے طلبا جب اپنے عارضی والدین کے زیر نگہداشت تقرری میں تبدیلی کرتے ہیں تو یہ اپنے اصل اسکول میں شرکت کرنے کے مستحق ہوتے ہیں، حتی کہ یہ کسی دیگر اسکول زون، ضلع، شہر، یا ریاست میں منتقل ہو جائیں، ماسوائے یہ فیصلہ کیا جائے کہ ایسا کرنا ان کے بہترین مفاد میں نہیں ہے۔

a. طالب علم کے بہترین مفاد کا تعین کرنے میں بچے پر مرتکز کرنے کے عناصر کو مدنظر رکھا جانا چاہیئے، جس میں ذیل شامل ہیں: عارضی والدین کی زیر نگہداشت نئی تقرری سے موجودہ اسکول کا فاصلہ، بچے اور / یا حقیقی والدین یا گود لینے والے والدین یا تعلیمی فیصلے کرنے کا حق رکھنے والا فرد کی ترجیح، بچہ کے اسکول میں کتنی بار خلل پیدا ہوا تھا، بچے کے بھائی بہن یا رشتہ داروں کی تقرری اور اسکولی منتقلی کے اثرات، بشمول بچے پر نقل حمل کے اثرات کے۔ DOE کی مشاورت، اصل اسکول کی آراء، نگہداشت فراہم کرنے والی ایجنسی، عارضی نگہداشت فراہم کرنے والے والدین، بچہ، حقیقی یا گود لینےوالے والدین یا تعلیمی فیصلے کرنے کا حق رکھنے والا فرد کے ساتھ مل کر ACS کو فیصلہ کرنا چاہیئے، جو بھی مناسب ہو۔

b. اگر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ اسکول تبدیل کرنا بچے کے بہترین مفاد میں ہے تو خاندانی اسقبالیہ مرکز کے ایگزیکیٹیو ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر یا ضلع 75 میں مندرج بچوں کے لیے ضلع 75 دفتر ایک ایسے اسکول میں تبادلے پر عمل درآمد کریں گے جس کے لیے بچہ اہل ہے۔ اسکول کو بچے کو فوراً مندرج کرنا چاہیئے، حتی کہ یہ رجسٹریشن یا اندراج کے لیے عام طور پر مطلوب ریکارڈز کو فراہم نہ کرسکے، اور اسکول کو آخری مرتبہ شرکت کیے گئے اسکول سے بچے کے متعلقہ تعلیمی اور دیگر ریکارڈز حاصل کرنے کے لیے فوراً رابطہ کرنا چاہیئے۔

c. عارضی والدین کی زیر نگہداشت ہائی اسکول کے وہ بچے جو اپنی فوسٹر کئیر تبدیل کرتے ہیں یہ سفر میں دشواری کی کم سے کم مطلوبات کی تکمیل کیے بغیر اپنے نئے نگہداشت فراہم کرنے والے عارضی والدین کے گھر کے قریب اسکول میں تبادلہ کرا سکتے ہیں، اگر اس بات کا تعین کیا جاتا ہے کہ اسکول میں تبادلہ بچے کے بہترین مفاد میں ہے، جیسا کہ پیرا گراف a.2 میں بیان کیا گیا ہے۔

3. اگر عارضی نگہداشت میں رہنے والے بچہ فی الحال اسکول کے ایسے گریڈ میں مندرج ہے جو کہ آخری گریڈ ہے اور یہ نیو یارک شہر سے باہر ایک مستقل تقرری میں منتقل ہو جاتا ہے تو ان کو نیو یارک شہر میں رہائش نہ رکھنے والوں کی اندراج کی فیس دیئے بغیر اپنے اصل اسکول کے اس اخری گریڈ کے اختتام تک اسکول میں رہنے کا حق ہے۔

4. عارضی نگہداشت میں رہنے والے طلبا جو اختتامی گریڈز (K-3، پری کنڈر گارٹن، 6 گریڈ اور 9 گریڈ) کے لیے داخلہ کارروائی میں شرکت کرر ہے ہیں:

a. ان کو اس علاقے میں رہنے والے دیگر بچوں کی طرح مساوی ترجیح حاصل ہونی چاہیئے؛ اور

b. یہ اسکول یا پروگرام میں داخلے کی جغرافیائی ترجیح کی سطح کو برقرار رکھیں گے حتی کہ ان کی رہائش ایک ایسے پتے پر ہے جو بصورتِ دیگر ان کو اس اسکول میں درخواست دینے یا تقرر ہونے کے لیے نا اہل قرار دے چاہے یہ نیو یارک شہر سے باہر عارضی نگہداشت میں منتقل ہو جائیں۔

D. بچے جو گھر یا ہسپتال میں تعلیم حاصل کرتے ہیں اور جو بچے غیر DOE ہسپتال یا اِن پیشنٹ ماحول سے واپس آئیں۔

1. ایک بچہ جو گھر یا ہسپتال میں تعلیم حاصل کر رہا ہے یا کرے گا تو اس کے لیے لازمی ہے کہ یہ گھر یا ہسپتال میں تعلیم حاصل کرنے کے پورے دورانیے کے دوران یہ اپنے موجودہ یا تقرر کردہ اسکول کے ATS میں ("ملحقہ") رجسٹر پر رہے۔ ایسے بچوں کو گھر یا ہسپتال میں تعلیم کے دوران برخاست نہیں کیا جا سکتا، حتی کہ یہ تعلیمی یا کیلنڈری سال کے اختتام کے بعد بھی گھر یا ہسپتال تدریس میں ہوں۔

2. ایک بچہ جو کہ نیو یارک شہر میں رہتا ہے اور جو گھر یا ہسپتال میں تعلیم حاصل کرتا ہے یا کرے گا اور جس نے اب تک محکمئہ تعلیم کے اسکول میں شرکت نہیں کی ہے، یا جو سابقہ طور پر برخاست کیے جانے کے بعد نیو یارک شہر اسکول ضلع میں واپس آرہا ہے، ان کے لیے ATS میں اپنے زون یا تقرر کردہ اسکول سے ملحقہ ہونا لازمی ہے۔

3. DOE کے علاوہ ایک ہسپتال یا ہسپتال کی زیرِ نگہداشت ماحول سے واپس آنے والے ایک بچے کو اپنے سابقہ اسکول میں جانے کا حق ہے ماسوائے کہ اہلِ خانہ ایک نئے اسکول میں منتقلی کی درخواست کریں، بشرطیکہ بچے کے لیے ضلع 75 کی تجویز نہ کی گئی ہو، اس صورت میں منتقلی کے متعلق ضلع 75 تقرری کا دفتر فیصلہ کرے گا۔

E. تحویل سے واپس آنے والے بچے

1. نگہداشت کی نگراں سہولیات بشمول ریاستی، شہری یا نجی ایجنسیوں کی نگہداشت سے نیو یارک شہر اسکولی ضلع میں واپس آنے والے بچے تیز تر اور مناسب تعلیمی تقرری کے مستحق ہیں۔ نیویارک ریاست دفتر برائے بچوں اور اہلِ خانہ کی خدمات (ACS) یا نیو یارک شہر یا محکمئہ اصلاح (DOC) کے زیرِ اہتمام ایجنسیوں کی طرح ان نگراں ایجنسیوں میں گروپ ہومز، نفسیاتی مراکز، نشونما مراکز، نگراں کاری مراکز، عدالتی احکامات کا ماحول، گھریلو معالجہ مراکز شامل ہیں۔ بچوں سے اسکول میں داخلے کی درخواست دینے، رجسٹر یا اندراج کروانے سے قبل نگراں کار ایجنسی کی جانب سے رہائی کے خطوط فراہم کرنا مطلوب نہیں ہے۔ ان بچوں سے طبیعی طور پر اپنے والدین کے ہمراہ اس اسکول میں حاضر ہونا مطلوب نہیں ہے۔
2. جیسے ہی ایجنسی اس بات کا تعین کرتی ہے اسکول واپس آنے کے لیے ایک تقرری کی تجویز کی جائے گی، ایجنسی کو مناسب دفتر برائے طالبانہ اندراج یا ضلع 75 دفتر کو متعلقہ اسکولی ریکارڈ، بشمول IEP کے ساتھ طالب علم کی حیثیت میں تبدیلی کی وضاحت کا خط بھیجنا چاہیئے۔
3. جن بچوں کو نیو یارک شہر اسکولی ضلع سے برخاست کیا جا چکا ہے اور یہ نیویارک شہر کے اندر یا باہر کسی نگراں کاری کی سہولت سے واپس آنے والے بچے ہیں ان کے پاس اس دستاویز میں حوالہ دی گئی پالیسیوں کے تحت DOE کے اس اسکول میں جانے کا حق ہے جس میں یہ برخاست ہونے سے پہلے مندرج تھے۔ دفتر برائے طالبانہ اندراج، طالب علم اور والدین اور برو دفتر کے رابطہ فرد کی مشارت کے ساتھ اس بات کا تعین کر سکتا ہے کہ سابقہ اسکول موزوں نہیں ہے اور اسی لیے یہ ایک مختلف تقرری کی نشان دہی کر سکتا ہے؛ اسی طرح ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے لیے، ضلع 75 تقرری کا دفتر یہ تعین کرنے کے لیے کہ سابقہ اسکول موزوں نہیں ہے اور ایک مختلف تقرری کی نشان دہی کرنے کے لیے بچے اور والدین کے ساتھ مشاورت کر سکتا ہے۔
4. بچوں سے اسکول میں درخواست دینے، رجسٹر کرنے یا اندراج کروانے سے قبل نگراں کار ایجنسی کی جانب سے رہائی کے خطوط فراہم کرنا **مطلوب نہیں ہے۔**

F. معطلی سے واپس آنے والے طلبا

1. وہ بچے جن کو معطل کیا جا چکا ہے ان کے پاس اس اسکول میں واپس جانے کا حق ہے جس سے ان کو معطل کیا گیا تھا ماسوائے طالب علم رضاکارانہ طور پر اپنا تبادلہ ایک دوسرے اسکول میں کروا لے یا چانسلر کے ضابطے A-450 کے تحت غیر رضاکارانہ طور پر اسکو منتقل کردیا جائے۔ گریڈ 5 اور گریڈ 8 کے معطل کیے جانے والے وہ طلبا جن کو اگلے موسمِ خزاں میں گریڈ 6 یا گریڈ 9 میں بلترتیب ایک نشست تقرر کی جا چکی ہے ان کے پاس گریڈ 5 یا گریڈ 8 سے ترقی کے مطلوبات کو پورا کرنے کے بعد اگلے تعلیمی سال میں اس نشست کا حق ہو گا۔
2. اسکول منتقل کیے گئے یا ترقی پانے والے بچوں کو ان کی سابقہ معطلی کی حیثیت کی بنیاد پر داخلے سے انکار نہیں کر سکتے ہیں۔

## VIII. فہرست کے ذریعے تقرری

فہرست کے ذریعے تقرری ایک ایسا تکنیکی طریق کار ہے جس کے ذریعے محکمئہ تعلیم ذیل میں درج پالیسیوں کے تحت، بچوں کو ایک اسکول کے رجسٹر سے دوسرے اسکول کے رجسٹر میں منتقل کرتا ہے:

A. صرف وہ صورت جس میں اسکول ایک بچے کو فہرست کے ذریعے تقرر کر سکتا اگر اسکول کا آخری گریڈ، گریڈ 5 سے پہلے ہے اور اسکول بچے کو آخری گریڈ میں اگلے تعلیمی سال کے لیے بچے کے زون اسکول میں فہرست کے ذریعے تقرر کرتا ہے۔ اگر آپکا کوئی زون اسکول نہیں ہے یا اگر خاندان دیگر اسکولوں کے انتخابات کو زیرغور لانا چاہتے ہیں تو ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں تشریف لے جائیں۔

B. کوئی بھی ایسا اسکول جو ایک بچے کو مذکورہ بالا وجہ کے علاوہ فہرست کے ذریعے تقرر کرے گا تو وہ اس ضابطے خلاف ورزی کرے گا۔

1. حصہ I.E.3 کے تحت جن بچوں کو ایک مخصوص اسکول میں رجسٹر اور مندرج کیا گیا ہے ان کو اس اسکول میں اسکول کے آخری گریڈ تک رہنے کا حق ہے، چاہے یہ ایک مختلف زون یا نیو یارک شہر کے اندر مختلف ضلع میں منتقل ہو جائیں، اور ان کے نئے زون شدہ اسکول میں فہرست کے ذریعے تقرری نہیں کی جاسکتی ہے۔ ایسے بچوں کو صرف مندرجہ ذیل حصہ I.E.4 میں خاکہ کش طریق کار کی پابندی کر کے منتقل کیا جا سکتا ہے۔

2. جن بچوں کو ان کے موجودہ اسکول کے ذریعے ایک نامناسب طریقے سے فہرست کے ذریعے ایک مختلف اسکول میں تقرر کیا گیا تھا ان کو ان کے سابقہ اسکول کے رجسٹر میں یا ایک ایسے اسکول میں داخل کیا جائے گا جس میں داخلے کی پیشکش ان کو دفتر برائے طالبانہ اندراج کے ذریعے کی گئی ہے یا ضلع 75 پروگراموں میں مندرج بچوں کے لیے ضلع 75 تقرری کے دفتر کی جانب سے۔

C. دفتر برائے طالبانہ اندراج کے ذریعے فہرست کے ذریعے تقرری کے تحت بچوں کو ایک اسکول سے دوسرے اسکول میں صرف مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر بھیجا جاتا ہے:

1. بچوں کی ایک ایسے اسکول کے رجسٹر میں تقرری جس کی پیشکش انہوں نے داخلہ کارروائی کے ذریعے حاصل کی تھی؛

2. ایسے بچوں کی تقرری جو نیو یارک شہر اسکول ضلع میں تعلیمی سال کے اختتام کے بعد لیکن نئے سال کے آغاز سے قبل منتقل ہوئے ہیں یا واپس آئے ہیں اور انہوں نے ایک اسکول کی تقرری موصول کی ہے۔

3. اسکول بند ہونے، کھلنے یا دوبارہ منظم ہونے کی صورت میں؛

## IX. استثناء

اس ضابطے یا اسکے کسی بھی جز سے چانسلر یا اسکے نامزد کے ذریعے مستثنا ہوا جاسکتا ہے اگر یہ تعین کیا جائے کہ ایسا کرنا نیو یارک شہر اسکولی ضلع کے بہترین مفاد میں ہے۔

## X. استفسارات

اندراج، داخلے اور منتقلی کے مطلوبات کے متعلق استفسارات کو ذیل کو بھیجا جانا چاہیئے:

The Office of Student Enrollment

ٹیلیفون: 718-935-2009

فیکس: 212-374-5568

حاضری کے رہنما خطوط اور ضابطے کے متعلق استفسارات کو ذیل کو بھیجا جانا چاہیئے:

Office of Safety and Youth Development – Mandated Responsibilities

ٹیلیفون: 718-374-6095

فیکس: 212-374-5751

ضلع 75 میں داخلے اور منتقلی کے متعلق استفسارات کو ضلع 75 بھیجا جانا چاہیئے:

ٹیلیفون: 212-802-1500

فیکس: 212-802-1678

ضلع 79 میں داخلے اور منتقلی کے متعلق استفسارات کو ضلع 79 بھیجا جانا چاہیئے:

ٹیلیفون: 917-521-3639

فیکس: 917-521-3649